

GOVERNMENT OF TAMIL NADU

STANDARD FOUR

برائے چوتھی جماعت

URDU READER

اُردو

Department Of School Education

Untouchability is Inhuman and a Crime

index 1
Wednesday, July 31, 2019 8:24:12 PM

Government of Tamil Nadu

First Edition - 2019

Reprint - 2020, 2021, 2022, 2023, 2024

(Published under New Syllabus)

Content Creation

State Council of Educational Research and Training
© SCERT 2019

Printing & Publishing

Tamil Nadu Textbook and Educational Services Corporation

www.textbooksonline.tn.nic.in

index 1
Wednesday, July 31, 2019 8:24:12 PM

پیش لفظ

تعلیم کا مقصد نہ صرف علم کا حصول ہے، بلکہ طلبہ کے مستقبل کے خواب کو سچ کر دکھانے کی پہلی منزل بھی ہے۔نصابی کتابیں نہ صرف طلبہ کی رہ نمائی کرتی ہیں، بلکہ اگلی نسل کے لئے بھی ایک مشعل راہ ثابت ہوئی ہیں۔اس کتاب میں والدین، اساتذہ اور طلبہ کے ذہنی خاکوں کو عملی جامہ پہنایا گیا ہے۔

اسی کے ساتھ درج ذیل مقاصد کی تکمیل کی ایک بہتر کوشش بھی کی گئی ہے۔

اسباق کو رَٹنے کے بجائے تخلیقی راہ بتانا۔

- اردو زبان وادب،نظم، نثر، قواعد اور ان کی لسانی بنیادوں کو بچوں کے ذہنوں میں پیوست کرنا۔
- سائنسی نقطۂ نظر سے تدریس- اس طریقے سے طلباء میں خود اعتمادی پیدا کرنا
- طلباء کے ذہنوں کی گرہوں کو کھولنا اور ان کے مستقبل کو روشن، کامیاب اور تابناک بنانا۔
- حصول علم کے دوران انہیں محدود نگاہ کے نظریہ سے ہٹا کر وسیع النظری کی طرف لے جانا۔
- امتحانوں میں ناکامی کے خوف سے پیدا ہونے والی احساس کمتری کو دور کر کے تعلیم کے عمل کو آسان تر بنانا۔

یہ کتاب کو جدّت پسندی، گہرے فہم اور طالب علموں کی نفسیات کے مطابق تشکیل دی گئی ہے۔

امید قوی ہے کہ یہ مرتب کردہ کتاب آپ کو علم وادب کی ایک نئی دنیا میں لے جائے گی۔

index 1
Wednesday, July 31, 2019 8:24:12 PM

قومی ترانہ

جن گن من ادھنا یک جئے ہے

بھارت بھاگیہ ودھاتا

پنجاب سندھ گجرات مراٹھا

دراوڑ اتکل ونگا

وندھیہ ہماچل یمنا گنگا

اچھل جل دھی ترنگا

توا شبھ نامے جاگے

توا شبھ آشش ماگے

گاہے توا جئے گاتا


جن گن من گل دایک جے ہے

بھارت بھاگیہ ودھاتا

جے ہے جے ہے جے ہے

جے جے جے جے ہے

رابندر ناتھ ٹیگور



index 1
Wednesday, July 31, 2019 8:24:13 PM

تمل زبان کی عظمت

(ترجمہ)

حسینہ زمین، پر جوش سمندر کو اوڑھے ہوئے ہے۔

خطہ بھارت، اس حسینہ کا دمکتا ہوا چہرہ ہے۔

علاقہ دکن اس چہرے کی پروقار ہلال نما پیشانی ہے،

جس پر دراوڑ کا مہکتا ہوا تلک لگا ہوا ہے۔

تو ہی اس تلک کی خوشبو ہے، جس سے سارا جہاں لطف اندوز ہو رہا ہے۔

دنیا کا چپہ چپہ تیری مہکتی خوبیوں سے معطر ہو رہا ہے۔ اے قابل فخر دوشیزہ تمل!

اے دوشیزہ تمل!


ہم تیری پرشکوہ، سدا بہار جوانی کے جوہر پہ حیراں، بے خودی کے عالم میں تیری عظمت کے گیت گاتے ہیں۔ پائندہ باد!

پائندہ باد!

پائندہ باد!

مترجم : سجاد بخاری

پے۔سندرم پلّے منون منیم



index 1
Wednesday, July 31, 2019 8:24:14 PM



قومی یکجہتی کا اقرار

''اقرار کرتا ہوں کہ میں ملک عزیز کو متحد رکھنے، اس کی سالمیت کو برقرار رکھنے اور اسے مضبوط بنانے کی ہر ممکن کوشش کروں گا''۔

''یہ بھی اقرار کرتا ہوں کہ میں تشدد کا کبھی ساتھ نہیں دوں گا، ہر قسم کی مذہبی، لسانی، علاقائی، سیاسی اور اقتصادی اختلافات کو پُرامن اور دستوری طریقہ سے حل کرنے کی کوشش کروں گا''۔



اقرارنامہ

ہندوستان میرا وطن ہے۔ سارے ہندوستانی میرے بھائی بہن ہیں۔ مجھے اپنے وطن سے محبت ہے۔ اور میں اس کے بھرپور اور گوناگوں ورثے پر نازاں ہوں۔ میں ہمیشہ اس کا اہل بننے میں کوشاں رہوں گا۔ میں اپنے ماں باپ، اساتذہ اور بزرگوں کا احترام کروں گا اور ہر ایک سے اخلاق کے ساتھ پیش آؤں گا۔ میں اپنے وطن اور اس کے باشندوں کے لئے جاں نثاری کا اقرار کرتا ہوں۔ انہیں کی خوش حالی اور فراغت میں میری مسرت پوشیدہ ہے۔

چھوت چھات ایک غیر انسانی فعل اور جرم ہے

index 1
Wednesday, July 31, 2019 8:24:15 PM

اساتذہ اور ہونہار طالب علموں سے .....

لیجئے آپ کے ہاتھ میں اردو کی چوتھی کتاب موجود ہے۔

اس کتاب کو نئے تعلیمی نصاب کے تحت، نت نئے انداز سے ترتیب دیا گیا ہے۔

یہ کتاب مکمل سال کے لئے تیار کی گئی ہے جس میں تین الگ الگ میعادوں کے لئے اسباق ترتیب دئے گئے ہیں۔

پہلی میعاد میں 7 اکائیاں موجود ہیں۔

دوسری میعاد میں 6 اکائیاں موجود ہیں۔

تیسری میعاد میں 7 اکائیاں موجود ہیں۔

ہر اکائی میں نئے الفاظ کے معنی، واحد جمع، اضداد وغیرہ دئے گئے ہیں۔

اسی طرح الفاظ کو الگ الگ حروف میں لکھنے کی مشق اور حروف کو جمع کر کے الفاظ کی ترکیب کی مشقیں بھی دی گئیں ہیں۔

آسان قواعد اور ان کے بنیادی اصول بھی مثالوں کے ساتھ بتائے گئے ہیں تاکہ زبان فہمی میں آسانی ہو۔

طالب علموں کی معلومات میں اضافہ کے لئے ''کیا آپ جانتے ہیں'' کے عنوان سے نئی معلومات دی گئی ہیں۔

لفظوں کا کھیل کے عنوان سے نئے الفاظ بنانے کی مشقیں بھی دی گئی ہیں۔

تحریری صلاحیت کو اجاگر کرنے کے لئے جگہ جگہ تحریری مشق دی گئی ہے۔جس سے طلباء کو اپنی تحریر سدھارنے میں مدد ملے گی۔

اس سلسلے میں آپ کی مزید رہنمائی ہمارے لئے حوصلہ افزائی کا سبب بنے گی۔

مرتبین

index 1
Wednesday, July 31, 2019 8:24:15 PM

فہرست

پہلی میعاد کے لئے (Term-1)

	عنوانات		صفحہ نمبر
1	حمد	ماہر القادری	2
2	نبوت تا ہجرت		7
3	ماں باپ کا کہا مانو (نظم)	شفیع الدین نیّر	13
4	چالاک لومڑی		18
5	میرا پیارا وطن (نظم)	سیمابؔ اکبرآبادی	27
6	کچھ باتیں کمپیوٹر کی		32
7	تاج محل		37



index 1
Wednesday, July 31, 2019 8:24:23 PM

دوسری میعاد کے لئے (Term -2)

فہرست

نمبر	عنوانات		صفحہ نمبر
1	نعت	فضل اللہ رومی	47
2	مہمان نوازی		52
3	عقلمند نوکر		57
4	اسکول (نظم)	بزمی بھارتی	64
5	آؤ کھیلیں		70
6	درختوں کی زبانی		77

index 1
Wednesday, July 31, 2019 8:24:23 PM

تیسری میعاد کے لئے (Term-3)

فہرست

نمبر	اسباق	صفحہ نمبر
1	دعا (نظم)	87
2	حج کا سفر	92
3	دوست ہو تو ایسا	98
4	بجلی (نظم)	104
5	شہد کی مکھی	109
6	ہر میدان میں آگے بڑھو تم (نظم) ساحر داؤدنگری	119
7	سورج کیا ہے؟	125



index 1
Wednesday, July 31, 2019 8:24:23 PM

اُردو

برائے چوتھی جماعت

میعاد - I



4 UR Term-1
Wednesday, July 31, 2019 8:10:41 PM

حمد

ماہرؔ القادری

کس نے سورج چاند بنائے — اور تاروں کے دیپ جلائے
کیسے کیسے باغ سجائے — رنگ برنگے پھول کھلائے
کوئل کوکی ، بھونرا گونجا — بلبل نے بھی گیت سنائے
دریا دریا موجیں اٹھیں — جنگل جنگل پیڑ اُگائے
تتلی کو رنگین بنا کر — اُڑنے کے انداز سِکھائے
میرے خدا نے سب کے خدا نے — یہ سارے اسباب بنائے
اُس کے ہی بس میں ہے سب کچھ — چاہے مارے چاہے جلائے
راج محل کے تخت کے اوپر — اِس کو اُتارے اُس کو بٹھائے
اُس کی قسمت کا کیا کہنا — جو کوئی اس کا کہلائے

جگ کے داتا بھیک کرم کی
ہم بھی ہیں دامن پھیلائے

کیا تم جانتے ہو؟

زمین سے سورج 109 حصہ بڑا ہے۔

4 UR Term-1
Wednesday, July 31, 2019 8:10:42 PM

مشق

I۔ معنی اوراشارے :

دیپ - چراغ

گیت - نغمہ

قسمت - تقدیر

جگ - دنیا، کائنات

دامن - پہاڑ کے نیچے کی زمین

II۔ واحد کے جمع لکھئے :

1۔ موج + ...

2۔ سبب + ...

3۔ جنگل + ...

4۔ تتلی + ...

5۔ پھول + ...

III۔ ذیل کے الفاظ کو مناسب جگہ پر بھرتی کیجئے :

(موجیں، باغ، سورج، جگ، گیت)

1۔ کس نے ..... چاند بنائے۔

2۔ کیسے کیسے .....سجائے۔

3۔ بلبل نے بھی ..... سنائے۔

4۔ دریا دریا ..... اٹھیں۔

5۔ ..... کے داتا بھیک کرم کی۔

4 UR Term-1
Wednesday, July 31, 2019 8:10:44 PM

IV۔ ذیل کے الفاظ کے آخر میں ''ئے'' لگا کر نیا لفظ بنائے۔

1۔	بنا	+	ئے	= بنائے
2۔	جلا	+		= .....
3۔	سجا	+		= .....
4۔	کھلا	+		= .....
5۔	سنا	+		= .....
6۔	اُگا	+		= .....
7۔	سکھا	+		= .....
8۔	بٹھا	+		= .....
9۔	کہلا	+		= .....
10۔	پھیلا	+		= .....

V۔ سوالات کے جواب لکھئے :

1۔ سورج چاند کس نے بنائے؟

2۔ کوئل کی آواز کیسی ہے؟

3۔ بلبل کیا سناتی ہے؟

4۔ تخت پر اتار چڑھاؤ کون کرتا ہے؟

5۔ تتلی کی خوبصورتی کیسی ہوتی ہے؟



VI۔ ان حروف کو ملا کر لکھئے :

1۔ س + و + ر + ج = ...

2۔ چ + ا + ن + د = ...

3۔ پ + ھ + و + ل = ...

4 UR Term-1
Wednesday, July 31, 2019 8:10:45 PM

4۔ ت + ت + ل + ی = ...

5۔ ب + ل + ب + ل = ...

VII۔ ان الفاظ کو الگ کر کے لکھئے :

1۔ جنگل = ...+.....+.....+.....

2۔ گیت = ...+.....+.....

3۔ پیڑ = ...+.....+.....

4۔ قسمت = ...+.....+.....+.....

5۔ دامن = ...+.....+.....+.....



VIII۔ سبق میں دئے گئے الفاظ کو جدول میں لکھئے :

نمبر	تین حرفی	چار حرفی	پانچ حرفی
1۔	دیپ	سورج	تاروں
2۔			
3۔			
4۔			
5۔			



IX۔ عملی کام :

اس نظم کو ترنم سے پڑھئے اور زبانی یاد کیجئے۔

4 UR Term-1
Wednesday, July 31, 2019 8:10:47 PM



X ۔ الفاظ کو لکھنے کی مشق کریں :

سورج	چاند	پھول	جنگل	دامن

4 UR Term-1
Wednesday, July 31, 2019 8:10:48 PM

نبوت تا ہجرت، حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے پیارے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔آپ صلی اللہ علیہ وسلم مکہ میں پیدا ہوئے۔آپ صلی اللہ علیہ وسلم مکہ میں پیدا ہوئے۔آپ صلی اللہ علیہ وسلم غارِحرا میں جاتے اور اللہ تعالیٰ کی عبادت میں لگے رہتے۔مکہ عرب کا مرکز تھا۔ پہلے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین سال تک چھپ چھپ کر دعوت کا کام کیا اور ایک اللہ کی دعوت دی۔ سارے عرب میں بے دینی اور جہالت چھائی ہوئی تھی۔ جب اللہ تعالیٰ نے آپ کو اپنا نبی بنایا۔اللہ کے بندوں کو اللہ سے جوڑنے کا کام کیا۔سب سے پہلے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان لوگوں کے سامنے اسلام پیش کیا جن سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا سب سے قریبی تعلق تھا۔سب سے پہلے اسلام کو قبول کرنے والوں میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیوی حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا، آپ کے آزاد کردہ غلام حضرت زید بن حارثہ اور چچیرے بھائی حضرت علیؓ اور آپؐ کے دوست حضرابوبکرؓ تھے۔اس کے بعد کئی صحابہؓ چھپ چھپ کر اسلام کے اندر داخل ہوئے اور ایمان کو اپنے دل سے لگایا۔تین سال تک تبلیغ کا کام خفیہ اور انفرادی رہا اور اس دوران اہل ایمان کی ایک جماعت تیار ہوگئی۔

ایک مرتبہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے صفا کی پہاڑی پر چڑھ کر اسلام کی دعوت پیش کی تو سب سے پہلے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا ابولہب ملعون نے مخالفت کی اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو بُرا بھلا کہا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو لوگ نبوت سے پہلے ہی امین یعنی امانت دار اور صادق یعنی سچّا کہہ کر پکارتے تھے۔لیکن توحید کی دعوت وتبلیغ مکہ والوں کو سخت ناپسند تھی۔ مشرکین مکہ ایک معبود برحق کو چھوڑ کر کئی بتوں کو پوجنے والے تھے۔آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی توحید کی دعوت مکہ والوں پر شاق گذری۔ اس لئے لوگوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو طرح طرح کی تکلیفیں دینی شروع کردیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو تکلیف دینے والوں میں ابولہب پیش پیش تھا۔آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا راستہ میں کانٹے بچھا دیتے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر کچرا ڈال دیتے تھے۔وہ حج کے ایام میں لوگوں کے خیموں اور بازاروں میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے پیچھے لگا رہتا آپ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے دین کی تبلیغ کرتے اور ابولہب پیچھے پیچھے یہ کہتا کہ اس کی بات نہ ماننا یہ جھوٹا بددین ہے۔وہ لوگ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھیوں کا ہنسی مذاق اڑاتے اور گالیاں دیتے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو جادوگر کہتے تھے۔ایک مرتبہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم بیت اللہ کے پاس نماز پڑھ رہے تھے تو ایک مشرک نے اونٹ کی اوجھڑی لائی اور جب آپؐ سجدہ کی حالت میں تھے تو ان کی پیٹھ پر ڈال دیا اور حضرت فاطمہؓ نے آپؐ کی پیٹھ سے اوجھڑی اٹھائی۔اسی عرصہ میں لوگ مشرف بہ اسلام

4 UR Term-1
Wednesday, July 31, 2019 8:10:49 PM

ہوتے گئے اور اس کے خاطر آنے والی تکلیفیوں کو خوشی سے برداشت کیا۔ سب سے پہلے حضرت ارقمؓ کے مکان کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی دعوت اور مسلمانوں کی تربیت کا مرکز بنایا۔ جب کفار مکّہ کا ستانا بڑھ گیا تو حضرات صحابہ اپنے ایمان کی حفاظت کے لئے حبشہ کی طرف ہجرت کی وہاں کے نجاشی بادشاہ نے صحابہؓ کی مدد کی۔

ایک مرتبہ سرداران قریش نے ابوطالب کے پاس آکر دھمکی دی کہ اپنے بھتیجے کو اس دعوت وتبلیغ سے روک دیں ورنہ ہم جنگ سے اُن کا مقابلہ کریں گے۔ اس پر ابوطالب نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس واقعہ کا ذکر فرمایا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا چچا جان خدا کی قسم اگر یہ لوگ میرے داہنے ہاتھ میں سورج اور بائیں ہاتھ میں چاند رکھ دیں تب بھی میں اس کام کو نہیں چھوڑ سکتا۔

حضرت عمرؓ اور حضرت حمزہؓ کا اسلام قبول کرنا مسلمانوں کے لئے قوت کا سبب بنا۔ نبوت کے ساتویں سال نبیؐ کے خاندان کو بنو ہاشم اور صحابہؓ کا مکمل بائیکاٹ کر دیا گیا اور یہ حضرات تین سال تک ایک غار شعب ابی طالب میں قید رہے اور مشرکین نے ایک دستاویز لکھ کر بیت اللہ پر لٹکا دیا۔ تین سال بعد پھر حسب معمول حالات ہوئے۔ اسی دوران آپؐ کے چچا حضرت ابوطالب اور حضرت خدیجہؓ کا انتقال ہوا تو اس سے حضورؐ کو بہت صدمہ پہنچا۔ اس لئے اس سال کو غم کا سال بھی کہا جاتا ہے۔ 10 نبوی میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ والوں سے تنگ آکر طائف کا سفر کیا مگر وہاں کے لوگ بجائے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت اسلام کو قبول کرنے کے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو پتھروں سے اتنا مارا یہاں تک آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا جسم مبارک خون سے بھر گیا۔ اتنی تکلیف پر بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بددعا دینے کے بجائے ہدایت کی دعا مانگی اور فرمایا اگر یہ لوگ ایمان کے اندر داخل نہیں ہوئے تو ان کی نسل میں سے اللہ کی عبادت کرنے والے پیدا ہوں گے۔ 11 ہجری کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا نکاح حضرت عائشہؓ سے ہوا۔ کافروں اور مشرکوں کی طرف سے اذیتوں کا سلسلہ بہت بڑھ گیا تو کئی قربانیوں کے بعد اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اور آپ کے ساتھیوں کو ہجرت کا حکم دیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہؓ اللہ تعالیٰ کے حکم سے مدینہ کی طرف ہجرت کی اور مدینہ انصار صحابہ کی مدد سے مکہ کے مہاجرین کی قربانیوں سے اسلام دینا کے گوشے گوشے تک پہنچ گیا۔

کیا تم جانتے ہو؟

اسلام کی خاطر سب سے پہلے شہید ہونے والی عورت حضرت سمیہؓ تھیں۔

4 UR Term-1
Wednesday, July 31, 2019 8:10:51 PM

مشق

I۔ معنی اور اشارے :

برس – سال

نبوت – نبیؐ کا فریضہ یعنی احکام الٰہی کو بندوں تک پہنچانا

ملعون – لعنت کیا گیا

عبادت – خدا کی بندگی کرنا

صاحبزادیاں – بیٹیاں

اوجھڑی – جانوروں کی بوٹی

ہجرت – پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کا مکہ سے مدینہ جانا

صدمہ – رنج وغم

توحید – اللہ کو ایک ماننا

II۔ واحد کی جمع لکھئے :

1۔ لوگ + ...

2۔ بازار + ...

3۔ بت + ...

4۔ صاحبزادی + ...

5۔ مشرک + ...

III۔ اضداد لکھئے :

1۔ ایمان × .....

2۔ خفیہ × .....

3۔ غلام × .....

4۔ خوشی × .....

5۔ مہاجر × .....

4 UR Term-1
Wednesday, July 31, 2019 8:10:52 PM

IV۔ خالی جگہ بھرتی کیجئے :

1۔ سب سے پہلے وحی ..... میں نازل ہوئی۔

2۔ حضورؐ کی پہلی بیوی کا نام ..... ہے۔

3۔ آپؐ نے ..... پہاڑی پر چڑھ کر اسلام کی دعوت پیش کی۔

4۔ آپؐ کو تکلیف دینے والوں میں آپؐ کے چچا ..... پیش پیش تھا۔

5۔ ..... عرب کا مرکز تھا۔

V۔ سوالات کے جوابات لکھئے۔

1۔ ہمارے نبیؐ کو کونسی عمر میں نبوت کے تاج سے نوازا گیا؟

2۔ خانہ کعبہ کے اندر کتنے بت رکھے ہوئے تھے؟

3۔ آپؐ نے کتنے سال چھپ چھپ کر دعوت وتبلیغ کا کام کیا؟

4۔ سب سے پہلے اسلام کو قبول کرنے والے صحابہؓ کون کون تھے؟

5۔ نبوت سے پہلے لوگ آپؐ کو کس نام سے بلاتے تھے؟



VI۔ ان حروف کو ملا کر لکھئے :

1۔ س + ج + د + ہ = ...

2۔ ق + ر + ے + ش = ...

3۔ ا + ی + م + ا + ن = ...

4۔ پ + ت + ھ + ر = ...

5۔ م + ح + ن + ت = ...

VII۔ ان الفاظ کو الگ کر کے لکھئے :

1۔ رسول = ...+.....+.....+.....

2۔ تعلق = ...+.....+.....+.....

3۔ جماعت = ...+.....+.....+.....+.....

4 UR Term-1
Wednesday, July 31, 2019 8:10:54 PM

4۔ تکلیف = ...+.....+.....+.....+.....

5۔ مسلمان = ...+.....+.....+.....+.....

VIII۔ درست الفاظ پر صحیح (✓) کا نشان لگایئے اور صحیح لفظ لکھئے :


1۔ نواضا	( )		نوازا	( )
2۔ چالیس	( )		چالیش	( )
3۔ طعلق	( )		تعلق	( )
4۔ خفیہ	( )		قفیہ	( )
5۔ سچا	( )		صچّا	( )

IX۔ دیئے گئے جدول میں سبق سے چن کر الفاظ لکھئے :

نمبر	تین حرفی	چار حرفی	پانچ حرفی
1	برس	مرکز	اسلام
2			
3			
4			
5			



آیئے الفاظ کی مشق کریں :



4 UR Term-1
Wednesday, July 31, 2019 8:10:55 PM

X۔ عملی کام :



حضورؐ کی ولادت تا نبوت کے عنوان پر
اپنے اسکول کی لائبریری سے کتابیں لے کر مطالعہ کیجئے۔

XI۔ آیئے لکھنے کی مشق کریں :



نبوت	عبادت	دعوت	اسلام	صحابہ

4 UR Term-1
Wednesday, July 31, 2019 8:10:56 PM

ماں باپ کا کہا مانو

شفیع الدین نیّر

بچو! ماں باپ کا کہامانو
جو کہیں وہ ، اسے بھلا جانو

ان کی خدمت کیا کرو دل سے
ان کی عزت سدا کرو دل سے

بات نرمی سے اورادب سے کرو
ان کے حق میں دعا بھی رب سے کرو

پہلے تم کو کھلایا پھر کھایا
ہوگئے خوش جو تم کو خوش پایا

آرزو ان کی یہ رہی ہرآن
آئے وہ دن کہ تم چڑھو پروان

خوش رہو تم سدا نہال رہو
اچھی باتوں میں بے مثال رہو

نیک اور بد میں ہوتمیز تمہیں
اپنے ماں باپ ہوں عزیز تمہیں

4 UR Term-1
Wednesday, July 31, 2019 8:10:58 PM

مشق

I۔ معنی اوراشارے :

خدمت – کام کاج کرنا، نوکری کرنا

عزّت – نیک نامی

سدا – ہمیشہ، ہروقت

آرزو – تمنا، ارمان

نہال – بہت خوش

تمیز – پہچان

عزیز – پیارا، عزت دار

II۔ ان الفاظ کی ضد لکھئے :

1۔ عزت × .....

2۔ بھلا × .....

3۔ نرمی × .....

4۔ حق × .....

5۔ نیک × .....

6۔ ماں × .....

7۔ دن × .....

III۔ نیچے دئے ہوئے لفظوں سے مصرعے پورے کیجئے :

(ادب، عزیز، خدمت، حق، عزت)

1۔ ان کی ..... کیا کرو دل سے۔

2۔ ان کی ..... سدا کرو دل سے۔

3۔ بات نرمی سے اور ..... سے کرو۔

4 UR Term-1
Wednesday, July 31, 2019 8:10:59 PM

IV۔ سوالات کے جوابات لکھئے :

1۔ کیا ہم سب کو ماں باپ کا کہا ماننا چاہئے ؟

2۔ ماں باپ کو دل سے کیا کرنا چاہئے ؟

3۔ ماں باپ کے روبرو کس طرح بات کرنی چاہئے ؟

4۔ ہم کو کس چیز میں تمیز کرنی چاہئے ؟

5۔ اچھی باتوں میں ہم کو کیسا رہنا چاہئے ؟



V۔ ان الفاظ کو الگ کر کے لکھئے :

1۔ خدمت = ...+.....+.....+.....+.....

2۔ نرمی = ...+.....+.....+.....+.....

3۔ خوش = ...+.....+.....+.....+.....

4۔ نہال = ...+.....+.....+.....+.....

5۔ سدا = ...+.....+.....+.....+.....

VI۔ ان حروف کو ملا کر لکھئے :

1۔ ع + ز + ز + ت = ...

2۔ ن + ہ + ا + ل = ...

3۔ ت + م + ی + ز = ...

4۔ ن + ے + ک = ...

5۔ ع + ز + ی + ز = ...

4 UR Term-1
Wednesday, July 31, 2019 8:11:00 PM

4۔ ان کے ..... میں دعا بھی رب سے کرو۔

5۔ اپنے ماں باپ ہوں ..... تمھیں۔



VII۔ خالی جگہوں میں حرف بھرتی کر کے الفاظ بنائیے :

			د	
		ت		ب
	ز		ر	
ن		و		پ
ا		ا	ل		ک

VIII۔ نظم سے الفاظ کو چن کر ذیل کی جدول میں لکھئے :

نمبر	دو حرفی	تین حرفی	چار حرفی
1	وہ	ماں	خدمت
2			
3			
4			
5			



IX۔ عملی کام :

اس نظم کو ترنّم سے پڑھئے


4 UR Term-1
Wednesday, July 31, 2019 8:11:02 PM

X ۔ آیئے الفاظ کو لکھنے کی مشق کریں :




خدمت	پروان	مثال	تمیز	عزیز

دی گئی تصویر میں اپنا پسندیدہ رنگ بھریئے۔



4 UR Term-1
Wednesday, July 31, 2019 8:11:03 PM

چالاک لومڑی



ایک جنگل میں شیر، گیدڑ، لومڑی، ہرن اور بہت سے دوسرے جانور تھے۔ شیر خود کو جنگل کا سب سے بڑا اور افضل ترین جانور سمجھتا تھا۔ وہ جب اور جس وقت چاہتا کسی نہ کسی جانور کو جھپٹتا اور اس کو کھا جاتا۔

سارے جانوروں کو ہر وقت اپنی جان کا خطرہ لگا رہتا تھا کہ نہ جانے کب اور کس وقت کس کی باری آ جائے۔

ایک دن کئی جانور مل کر شیر کے پاس گئے اور باری باری کہنے لگے۔

جہاں پناہ ! آپ واقعی ہمارے بادشاہ ہیں اور ہم آپ کی رعایا لیکن اگر آپ ہم سب کو ایک ایک کر کے کھا جاؤ گے تو آپ کی رعایا ختم ہو جائے گی پھر آپ کن پر اپنی حکومت کرو گے؟

4 UR Term-1
Wednesday, July 31, 2019 8:11:05 PM

شیر نے دھاڑتے ہوئے کہا۔

''ارے بے وقوفو! اگر اس جنگل میں جانور ختم ہو گئے تو میں کسی دوسرے جنگل میں چلا جاؤں گا یہ کہہ کر وہ اپنی خوفناک آواز سے دھاڑا اور ان جانوروں میں سے ایک کو دبوچ کر کھا گیا۔

باقی جانور جان بچا کر بھاگ کھڑے ہوئے ان جانوروں کو راستے میں لومڑی مل گئی۔ اور انہوں نے، لومڑی سے سارا واقعہ سنایا۔



لومڑی بولی: ''بھائیو! گھبرانے کی کوئی بات نہیں میں نے ایک ترکیب سوچی ہے۔ اس پر عمل کر کے ہم اپنی جان بچا سکتے ہیں''۔

اگلے روز لومڑی شیر کے پاس پہنچی سلام کیا اور شیر کا حال پوچھا۔

چالاک لومڑی نے کہا:

''جہاں پناہ! میں آپ سے ملنے کے لئے آ رہی تھی لیکن جب میں کنویں کے پاس سے آ رہی تھی تو راستے میں ایک اور شیر مجھے مل گیا اور کہنے لگا میں جنگل کا بادشاہ ہوں''۔

''وہ شیر ایک میل دور پہاڑی کے پاس کنوئیں کی منڈیر پر بیٹھا ہوا ہے اور اسی جگہ رہتا ہے''۔

شیر نے غصہ سے کہا: ''کون ہے وہ نالائق، مجھے وہاں لے چلو تا کہ میں ابھی اور اسی وقت اس گستاخ کو مزہ چکھاتا ہوں''۔

لومڑی شیر کو اس جگہ لے گئی۔ شیر کنویں کی دیوار پر چڑھ گیا۔ کنویں کے اندر پانی تھا اور پانی میں اس کو اپنا عکس دکھائی



4 UR Term-1
Wednesday, July 31, 2019 8:11:07 PM

دیا تو اس کو وہ کوئی دوسرا شیر سمجھ بیٹھا۔

دوسرے شیر کو دیکھتے ہی غصے میں برا حال ہو گیا اور وہ اپنی خوفناک اور گرجدار آواز میں دھاڑا جس کو وہ اپنا دشمن سمجھتا تھا۔ آخر شیر نے شدید غصے کی حالت میں عکس والے شیر پر حملہ کرنے کے خیال سے کنویں میں چھلانگ لگا دی۔ کنواں کافی گہرا تھا۔ بالآخر شیر کنویں کے اندر ڈوب کر مر گیا۔

سب جانوروں نے لومڑی کا شکریہ ادا کیا اور اس کی بہت تعریف کی اور کہا کہ خدا نے تمہیں ہم سب سے زیادہ عقل اور سمجھ دی ہے۔ سب جانوروں نے ایک جگہ جمع ہو کر خوب جشن منایا۔

مشق

I۔ معنی اور اشارے۔

افضل – بہتر

خطرہ – ڈر، خوف

رعایا – عوام

خوفناک – بھیانک

دبوچ – پکڑ

ترکیب – طریقہ

منڈیر – سر دیوار

گستاخ – بدتمیز، بے شرم

عکس – سایہ

جشن – جلسہ، خوشی کا دن

II۔ واحد کے جمع لکھئے۔

1۔ جنگل + ...

2۔ راستہ + ...

4 UR Term-1
Wednesday, July 31, 2019 8:11:08 PM

3۔ کنواں + ...

4۔ تعریف + ...

III۔ اضداد لکھئے۔

1۔ دشمن × .....

2۔ بادشاہ × .....

3۔ ختم × .....

4۔ خوف × .....

5۔ مزہ × .....

IV۔ خالی جگہ بھرتی کرو۔

1۔ ایک دن کئی جانور مل کر ..... کے پاس گئے۔

2۔ جانوروں کو ہر وقت اپنی ..... کا خطرہ لگا رہتا تھا۔

3۔ لومڑی بہت ..... جانور ہے۔

4۔ شیر ..... کی دیوار پر چڑھ گیا۔

5۔ سب جانوروں نے ایک جگہ جمع ہو کر خوب ..... منایا۔

V۔ سوالات کے جوابات لکھئے۔

1۔ شیر خود کو جنگل کا کیسا جانور سمجھتا تھا؟

2۔ جانوروں کو ہر وقت کس کا خطرہ لگا رہتا تھا؟

3۔ جنگل کا بادشاہ اور رعایا کون ہیں؟

4۔ جانوروں کو راستے میں کون مل گئی؟

4 UR Term-1
Wednesday, July 31, 2019 8:11:09 PM

5۔ جانوروں نے لومڑی سے کیا کہا؟

6۔ شیر نے کہاں چھلانگ لگائی ؟

7۔ سب جانوروں نے کس کا شکریہ ادا کیا ؟



VI۔ ان الفاظ کو الگ کر کے لکھئے۔

1۔ جانور – .....+.....+.....+.....+.....

2۔ جنگل – .....+.....+.....+.....

3۔ بادشاہ – .....+.....+.....+.....+.....+.....

4۔ حکومت – .....+.....+.....+.....+.....

5۔ سلام – .....+.....+.....+.....

VII۔ ان حروف کو ملا کر لکھئے۔

1۔ ع + ک + س = ...

2۔ ت + ع + ر + ی +ف = ...

3۔ ع + ق + ل = ...

4۔ ک + ن + و + ا + ں = ...

5۔ پ + ہ + ا + ڑ = ...

4 UR Term-1
Wednesday, July 31, 2019 8:11:11 PM


VIII۔ ذیل میں دئے گئے جانوروں کو الگ کر کے جدول میں لکھئے۔



(شیر، ہاتھی، کتّا، لومڑی، بکری، ہرن، باگھ، بلّی، گائے، اونٹ)

جنگلی جانور	پالتو جانور

IX۔ تصویر کی مدد سے خانوں کو پُر کیجئے اور خالی جگہوں میں لکھئے۔



1۔ .....

2۔ .....

3۔ .....

4۔ .....

5۔ .....

4 UR Term-1
Wednesday, July 31, 2019 8:11:12 PM

X۔ سبق سے دئے گئے الفاظ لکھئے۔



نمبر	تین حرفی	چار حرفی	پانچ حرفی
1	شیر	جنگل	رعایا
2			
3			
4			

XI۔ عملی کام۔



تصویروں کو جمع کر کے ایک البم بنایئے۔

1۔ پالتو جانور　　2۔ جنگلی جانور　　3۔ آبی جانور

XII۔ الفاظ کو لکھنے کی مشق کریں۔



جنگل	جانور	شیر	گیدڑ	ہرن	لومڑی	افضل

4 UR Term-1
Wednesday, July 31, 2019 8:11:14 PM


قواعد

اسم (نام)



یہ کون ہے؟

یہ ایک لڑکا ہے



وہ کس کی تصویر ہے؟

وہ شیر کی تصویر ہے



یہ کیا ہے؟

یہ چڑیا ہے



تاج محل کس شہر میں ہے؟

تاج محل آگرہ میں ہے



وہ کونسی سبزی ہے

وہ ٹماٹر ہے



اس پھل کا نام کیا ہے؟

اس کا نام تربوز ہے

تمام جاندار اور بے جان چیزوں کے نام ہوتے ہیں۔

مثال :

☆ انسانوں کے نام ہوتے ہیں۔

☆ چیزوں اور جگہوں کے نام ہوتے ہیں

☆ پھلوں اور ترکاریوں کے نام ہوتے ہیں۔

☆ جانوروں، پرندوں اور کیڑوں کے بھی نام ہوتے ہیں۔

4 UR Term-1
Wednesday, July 31, 2019 8:11:15 PM

اسم (Noun)

کسی شخص، جانور، جگہ یا چیز کے نام کو اسم (Noun) کہتے ہیں۔

جیسے : عدنان، بلّی، حیدرآباد، کتاب وغیرہ

مشق

نیچے دیئے گئے جدول میں شخص جگہ اور چیز کو الگ الگ لکھئے۔














شخص	جگہ	چیز

4 UR Term-1
Wednesday, July 31, 2019 8:11:18 PM

میرا پیارا وطن

سیماب اکبرآبادی

میری عزت ہے یہ میری دولت ہے یہ
میری عظمت ہے یہ میری جنت ہے یہ
میرا پیارا وطن

اس کے دریا بڑے تازگی سے بھرے
باغ پھولے پھلے لہلہاتے ہوئے
میرا پیارا وطن

اس کے چشمے جواں اس میں نہریں رواں
جنگل اور وادیاں اس سے اچھی کہاں
میرا پیارا وطن

یہ وطن ہے میرا میں ہوں اس پر فدا
اس پہ رکھے خدا اپنی رحمت سدا
میرا پیارا وطن



4 UR Term-1
Wednesday, July 31, 2019 8:11:22 PM

مشق

I۔ معنی اور اشارے :

عظمت – بڑائی

وطن – ملک

چشمے – پانی نکلنے کی جگہ

رواں – بہتا ہوا

وادیاں – پہاڑوں کے درمیان کی جگہ

فدا – قربان

رحمت – مہربانی

سدا – ہمیشہ

II۔ واحد اور جمع الگ الگ کر کے لکھئے۔

وادیاں، دریا، جنگل، نہریں، باغ،

پھول، چشمے، رحمت، جھرنے، سبزے

واحد	جمع

4 UR Term-1
Wednesday, July 31, 2019 8:11:23 PM

III۔ نظم کو پڑھئے اوران مصرعوں کو پورا کیجئے :



1۔ میری ..... ہے یہ

2۔ یہ ..... ہے میرا

3۔ باغ ..... پھلے

4۔ اس کے ..... بڑے

5۔ اس پہ ..... خدا

IV۔ سوالات کے جوابات لکھئے۔

1۔ ہمارے وطن کا نام کیا ہے؟

2۔ ہم کس پر فدا ہیں؟



3۔ ہمارے وطن کے دریا کیسے ہیں؟

4۔ باغ میں کیا لہلہاتے ہیں؟

5۔ اس نظم میں وطن کی کن کن خصوصیات کا ذکر کیا گیا ہے؟

V۔ ان الفاظ کو الگ کر کے لکھئے۔

1۔ وطن

2۔ باغ

3۔ تازگی

4۔ چشمے

5۔ عظمت

4 UR Term-1
Wednesday, July 31, 2019 8:11:25 PM

VI۔ ان حروف کو ملا کر لکھئے۔

1۔ ف + د + ا .....

2۔ د + و + ل + ت .....

3۔ ج + ن + ن + ت .....

4۔ ر + ح + م + ت .....

5۔ خ + د + ا .....



VII۔ سبق میں دئے گئے الفاظ چن چن کر لکھئے۔

نمبر	دو حرفی	تین حرفی	چار حرفی
1			
2			
3			
4			
5			

4 UR Term-1
Wednesday, July 31, 2019 8:11:26 PM

VIII۔ دئے گئے جدول کی مدد سے چند جملے بنائے۔

یہ میرا	وطن شہر اسکول جنگل باغ	ہے

1۔ یہ میرا وطن ہے

2۔ .....

3۔ .....

4۔ .....

5۔ .....

IX۔ الفاظ کو لکھنے کی مشق کیجئے۔




عزت	وطن	عظمت	تازگی	لہلہاتے
عزت	وطن	عظمت	تازگی	لہلہاتے

4 UR Term-1
Wednesday, July 31, 2019 8:11:27 PM

کچھ باتیں کمپیوٹر کی

زمانہ بہت تیز رفتار ہو چکا ہے۔تم جانتے ہو کہ اس کو تیز رفتار بنانے میں کس چیز کا دخل ہے اگر تم غور کرو گے تو محسوس کرو گے کہ جو کچھ تیز رفتاری ہمیں دکھائی دے رہی ہے۔ یہ سب کمپیوٹر کی دین ہے۔زندگی کے کسی بھی شعبہ میں تم چلے جاؤ وہاں تمہیں کمپیوٹر کی ضرورت یقیناً محسوس ہوگی آئے ہم دھیرے دھیرے کمپیوٹر کے بارے میں کچھ معلومات حاصل کرتے ہیں۔ کمپیوٹر یونانی زبان کا ایک لفظ ہے۔ جس کا مطلب کمپیوٹ کرنا یا حساب کرنا ہوتا ہے۔ پچھلے دور میں اس لفظ کو حساب گر یعنی Calculator کے لئے بھی استعمال کیا جاتا تھا لیکن کمپیوٹر ایک ایسا آلہ ہے۔جو خاص پروگرام اور ہدایات کے تحت ہمارا کام کرتا ہے۔



کمپیوٹر کو سب سے پہلے 1821ء میں چارلیس بے بیج نے ایجاد کیا۔پھر رفتہ رفتہ کمپیوٹر کی شکل بدلتے آج ہمیں دیکھنے کو مل رہی ہے۔1940ء کی دہائی میں کمپیوٹر کو چلانے کے لئے کئی لوگوں کی ضرورت پڑتی تھی۔آج کمپیوٹر نے حیرت انگیز ترقی ہے کہ ہزاروں کام بیک وقت منٹوں میں کرسکتا ہے۔



کمپیوٹر کے پانچ اہم حصے ہیں۔ یہ CPU، مونیٹر، کلیدی تختی (Key Board)۔ ماؤس (Mouse)، اور پرنٹر (Printer) ہیں۔

کمپیوٹر کو کام کرنے کے لئے ہدایات کی ضرورت ہوتی ہے۔کمپیوٹر کو یہ ہدایات ایک پروگرام کے ذریعہ فراہم کیا جاتا ہے۔ جو کہ کمپیوٹر میں محفوظ ہوتا ہے۔ اس پروگرام کو سافٹ ویر کہتے ہیں۔

اسکول کے سالانہ نتائج (Results) بھی بہت جلد اور صحیح معلوم کئے جاسکتے ہیں۔اسی طرح کتب خانے کی معلومات بھی اس کے ذریعے آسانی سے حاصل کئے جاسکتے ہیں۔مثلاً اگر یہ معلوم کرنا ہے کہ مولانا آزاد کی لکھی ہوئی

4 UR Term-1
Wednesday, July 31, 2019 8:11:29 PM

کتابیں کون کونسی موجود ہیں تو فوراً پردے پر جواب مل جائے گا۔کمپیوٹر کے ذریعے سائنس اور حساب کی تعلیم حاصل کرنا آسان ہوگیا ہے۔اس کے ذریعے انگریزی کا اردو ترجمہ بھی کر سکتے ہیں۔یادداشت رکھنے میں کوئی انسانی دماغ اس کا مقابلہ نہیں کرسکتا۔یہ سائنس کی حیرت انگیز ایجاد ہے جس نے سماج میں ایک زبردست انقلاب پیدا کردیا ہے ۔اکثر ہمارے بھول چوک کی وجہ سے کمپیوٹر میں غلطیاں ہوتی ہیں۔کمپیوٹر ہمارے لئے ایک بہت مددگار مشین ہے ہم اس سے بہت فوائد حاصل کرتے ہیں۔

دنیا کو اب گلوبل ویلیج (Global Village) کہا جاتا ہے اور پوری دنیا کو کمپیوٹر نے سکیڑ کر رکھا ہے۔انٹرنٹ کے ذریعے ہم بہت سے کام کرسکتے ہیں۔ Online سے خرید وفروخت کرسکتے ہیں ۔ اس کے علاوہ بجلی کا بل (Electric Bill) ٹرین ٹکٹ ، ہوائی جہاز کا ٹکٹ ہم گھر بیٹھے بنواسکتے ہیں ۔مزید پیغام رسائی کے لئے E-mail موجود ہے۔جس سے ہم اپنا پیغام سکنڈوں میں دنیا کے کسی بھی حصّے کو بھیج سکتے ہیں۔کمپیوٹر میں مثبت اور منفی دونوں اثرات موجود ہیں۔ہمیں چاہئے کہ کمپیوٹر کا مثبت استعمال کریں۔

کیا آپ جانتے ہو؟

دنیا کا سب سے پہلا سوپر کمپیوٹر 1956ء میں IBM کمپنی نے بنایا جس کا محفوظ (Storage) 5MB data تھا

مشق

I۔ معنی اور اشارے۔

رفتار – کام جاری رہنے کا عمل ، اسپیڈ

شعبہ – حصّہ، شاخ

کمپیوٹ کرنا – حساب کرنا

دہائی – دس

حیرت انگیز – دنگ کردینے والا

نتائج – انجام

انقلاب – تبدیلی

4 UR Term-1
Wednesday, July 31, 2019 8:11:31 PM

پیغام - خبر

خرید وفروخت - لین دین

ایجاد - دریافت کرنا

II۔ جمع الفاظ کی واحد لکھئے :

1۔ ہدایات + _____

2۔ کتابیں + _____

3۔ غلطیاں + _____

4۔ فوائد + _____

5۔ منٹوں + _____

6۔ حصّوں + _____



III۔ آیئے پڑھنے کی مشق کریں۔

ہارڈ ویر	سافٹ ویر	مونیٹر	کلیدی تختی	کنٹرول یونٹ
پرنٹر	فوراً	یادداشت	گلوبل ولیج	انٹرنٹ
غلطیاں	زبردست	مشین		

IV۔ خالی جگہ بھرتی کرو :

1۔ کمپیوٹر ..... زبان کا ایک لفظ ہے۔

2۔ سائنس کی حیرت انگیز ایجاد ..... ہے۔

3۔ ..... ہزاروں کام بیک وقت منٹوں میں کرسکتا ہے۔

4۔ کمپیوٹر کو ..... حصّوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

5۔ سافٹ ویر کو چلانے کے لئے ..... موجود ہوتے ہیں۔

4 UR Term-1
Wednesday, July 31, 2019 8:11:32 PM

V۔ سوالات کے جوابات لکھئے۔

1۔ دنیا کو تیز رفتار بنانے میں کس چیز کا دخل ہے؟

2۔ کمپیوٹر کو کس نے ایجاد کیا؟

3۔ سافٹ ویر کسے کہتے ہیں؟

4۔ انٹرنٹ کے ذریعے کیا کیا کام کئے جا سکتے ہیں؟

5۔ ترقی یافتہ دور میں کمپیوٹر کے بغیر کیا کوئی کام کیا جا سکتا ہے؟

6۔ کمپیوٹر میں کیا صرف مثبت اثرات موجود ہیں؟



VI۔ ان الفاظ کو الگ کر کے لکھئے۔

1۔ تیز – ..... + ... + ...

2۔ کتب – ..... + ... + ...

3۔ محسوس – ..... + ... + ... + ... + ...

4۔ انسان – ..... + ... + ... + ... + ...

5۔ کمپیوٹر –. ..... + ... + ... + ... + ... + ...

VII۔ ان حروف کو ملا کر لکھئے۔

1۔ د + ن + ے + ا = ...

2۔ م + ث + ب + ت = ...

3۔ س + ک + ن + ڈ = ...

4۔ ح + س + ا + ب = ...

5۔ د + م + ا + غ = ...

4 UR Term-1
Wednesday, July 31, 2019 8:11:34 PM

VIII۔ سبق میں دیئے گئے الفاظ کو جدول میں لکھئے۔



نمبر	تین حرفی	چار حرفی	پانچ حرفی
1	تیز	حساب	ایجاد
2			
3			
4			
5			

IX۔ عملی کام :



1۔ کمپیوٹر کا ایک ماڈل یا نقشہ بنایئے اور ان کے نام بتایئے۔

2۔ کوئی دو نئی ایجادات کی تصویر لگا کر ان کے بارے میں جملے لکھئے۔

X۔ آیئے الفاظ کو لکھنے کی مشق کریں :





کمپیوٹر	پروگرام	سماج	مشین	تعلیم	ایجادات

4 UR Term-1
Wednesday, July 31, 2019 8:11:35 PM

تاج محل

دنیا کے عجائبات میں تاج محل کو ایک خاص مقام حاصل ہے۔اس عمارت کو بادشاہ شاہ جہاں نے تعمیر کیا، جس کی مثال زمین پر کوئی دوسری عمارت نہیں۔شاہ جہاں نے یہ عمارت اپنی چہیتی بیوی ممتاز کی یاد میں بنوائی تھی۔ یہ عمارت آگرہ شہر سے کچھ فاصلے پر دریائے جمنا کے کنارے پر واقع ہے۔اس محل کو تعمیر کرنے میں تقریباً بائیس سال کا عرصہ لگا تھا۔اُس وقت اس پر دو کروڑ روپئے کے قریب خرچ ہوئے تھے۔اس کا سفید گنبد شہر میں جگہ جگہ سے نظر آتا ہے۔مگر اس کی اصل خوبی تو قریب جا کر دیکھنے سے کھلتی ہے۔ جب قریب پہنچتے ہیں تو 1860 فٹ لمبا اور 1000 فٹ چوڑا ایک وسیع احاطہ دکھائی دیتا ہے۔اس کی چار دیواری میں طاق بنے ہوئے ہیں اور چاروں طرف سنگِ سرخ کا ایک دروازہ ہے۔تین چھوٹے اور ایک بڑا۔



کیا تم جانتے ہو؟

تاج محل کو تعمیر کرنے کے لئے 22000 مزدور نے 17 برس کام کیا۔

دنیا کے سات عجائبوں میں تاج محل اول مقام پر ہے

4 UR Term-1
Wednesday, July 31, 2019 8:11:40 PM

بڑے دروازے پر جس سے روضے میں داخل ہوتے ہیں۔قرآن شریف کی آیتیں کندہ ہیں اور بیل بوٹے بنے ہوئے ہیں۔اس دروازے سے چند سیڑھیاں اُتر کر باغ میں داخل ہوتے ہیں۔باروشوں پر سنگِ سُرخ کا فرش بیچ میں سنگِ مرمر کا ایک پاکیزہ حوض، حوض کے اندر فوارے اردگرد سرو کے درخت ہیں۔ یہ فوارے ہر وقت جارہی نہیں رہتے۔

حوض سے آگے بڑھ کر کئی سیڑھیاں چڑھ کر ایک شطرنج نما چبوترے پر پہنچتے ہیں۔اس کے اوپر 313 مربع قدم سنگ مرمر کا ایک اور چبوترہ ہے۔اس چبوترے پر چڑھتے ہوئے ایک طرف سنگ مرمر کا گنبد 80 فٹ اونچا چلا گیا ہے۔اور اس کی چوٹی پر طلائی کلس چمکتا ہے۔بڑے گنبد کے گرد چار چھوٹے بُرج اور ہیں۔ان سے ان کی زیبائش اور بھی زیادہ ہوگئی ہے۔

یہ تو باہر کا نقشہ تھا اب گنبد کے اندر عقیق لاجورد وغیرہ قیمتی پتھروں کے پھول اور بیل بوٹے اس خوبصورتی سے بنائے گئے ہیں کہ اس زمانے کے بڑے بڑے کاریگر اور انجینیر انھیں دیکھ کر حیران ہوجاتے ہیں۔گنبد کے اندر باہر قرآن شریف کے آیتیں کندہ ہیں۔گنبد کے وسط میں سنگ مرمر کا ایک جالی دار کٹہرا لگا ہوا ہے۔اور اس میں جہاں جہاں جالی نہیں ہے۔وہاں بیش بہا پتھروں کی عجیب گلکاری ہے۔ قبریں تہہ خانے میں ہیں اور گنبد کے اندر دونوں قبروں کے عکس ہیں۔مغلیہ دور کی تمام یادگار عمارتوں میں تاج محل ہی ایک امتیازی خصوصیت رکھتا ہے۔ تاج محل آج بھی اپنی پوری آب وتاب کے ساتھ کھڑا ہے۔پوری دنیا سے لوگ محبت کی اس یادگار علامت کو دیکھنے کے لئے ہندوستان کا رُخ کرتے ہیں۔

مشق

I۔معنی واشارے :

عجائب - حیران کرنے والی

سنگِ مرمر - ایک قسم کا سفید پتھر

طاق - محراب دار کھڑکی

احاطہ - چاردیواری سے گھری ہوئی جگہ

سرخ - لال

4 UR Term-1
Wednesday, July 31, 2019 8:11:41 PM

شطرنج – ایک ذہنی کھیل

زینہ – سیڑھی

زیبائش – شان وشوکت

II۔ واحد کی جمع لکھئے۔

1۔ دروازہ + _____

2۔ چھوٹا + _____

3۔ عجیب + _____

4۔ قبر + _____

5۔ عمارت + _____

III۔ خالی جگہ بھرتی کرو :

1۔ تاج محل کی تعمیر میں ..... کے قریب خرچ ہوئے تھے۔

2۔ ..... فٹ لمبا اور ..... فٹ چوڑا ایک وسیع احاطہ دکھائی دیتا ہے۔

3۔ تاج محل ..... کے کنارے پر واقع ہے۔

4۔ تاج محل کی تعمیر کے لئے ..... سال کا عرصہ لگا تھا۔

5۔ مغلیہ دور کی تمام یادگار عمارتوں میں ..... کی عمارت امتیازی خصوصیت رکھتی ہے۔

IV۔ سوالات کے جوابات لکھئے :

1۔ تاج محل کو کس نے تعمیر کیا؟

2۔ تاج محل کو کس کی یاد میں بنوایا گیا؟

3۔ تاج محل کو تعمیر کرنے میں کتنا عرصہ لگا؟

4۔ تاج محل کی تعمیر میں زیادہ تر کونسا پتھر استعمال کیا گیا؟

5۔ کیا دنیا کے عجائبات میں تاج محل کا نام ہے؟

4 UR Term-1
Wednesday, July 31, 2019 8:11:43 PM

6۔ تاج محل، ہندوستان کے کس شہر میں موجود ہے؟

7۔ تاج محل کی تعمیر سے متعلق چند جملے لکھئے۔



V۔ حروف الگ الگ کر کے لکھئے :

1۔ عمارت = ... + ... + ... + ... + ...

2۔ تعمیر = ... + ... + ... + ... + ...

3۔ گنبد = ... + ... + ... + ...

4۔ زمین = ... + ... + ... + ...

5۔ زینہ = ... + ... + ... + ...

VI۔ بے ترتیب الفاظ کو ترتیب سے لکھئے :

1۔ ل مثا = مثال

2۔ بوٹے بیل = ...

3۔ رے فوا = ...

4۔ محل تاج = ...

5۔ ن حیرا = ...

VII۔ خالی جگہوں پر مناسب حرف لکھ کر الفاظ بنائیے :

مثال : 1۔ ت ..ا.. ج = تاج (ط ت)

2۔ م ..... ل = ... (ح ہ)

3۔ د ن ے ..... = ... (ا غ)

4۔ ط ا ..... = ... (خ ق)

5۔ س ر ..... = ... (ا خ)

4 UR Term-1
Wednesday, July 31, 2019 8:11:44 PM

VIII ۔ آیئے الفاظ کی مشق کریں :

مغلیہ	قیمتی	سیڑھیاں	انجنیر	کندہ
گلکاری	امتیازی	خصوصیت	آیتیں	علامت

IX ۔ اس سبق میں موجود الفاظ چن کر لکھئے :



نمبر	تین حرفی	چار حرفی	پانچ حرفی
1۔	محل	نمبر	عمارت
2۔			
3۔			
4۔			
5۔			

X ۔ الفاظ کو لکھنے کی مشق :



عمارت	ممتاز	قریب	قرآن شریف	نقشہ

4 UR Term-1
Wednesday, July 31, 2019 8:11:46 PM

تصویری محاورے



تصویر کی مدد سے جملوں کو پڑھیئے اور لکھیئے :

1۔ کنویں کا  ہونا

.....

2۔  کی دُم ٹیڑھی کی ٹیڑھی

.....

3۔  کے منہ میں زیرہ

.....

4۔ اُڑتی  کے پر گِننا

.....

5۔ پیٹ میں  دوڑنا

.....

6۔  تلے اندھیرا

.....

7۔  گِننا

.....

8۔ عید کا  ہونا

.....

4 UR Term-1
Wednesday, July 31, 2019 8:11:47 PM

صلاحیتوں کی جانچ

صلاحیتیں	اسباق

1۔ سُننا

- طالب علم، استاد کی زبان سے ادا کئے گئے الفاظ کے مختلف آوازوں کو سنے اور انہیں غور سے ادا کرنا
- حمد کے الفاظ کو غور سے سننا
- نظم ماں باپ کا کہا مانو کو غور سے سننا اور نئے الفاظ کو سن کر ترنم سے پڑھنا
- سیرتِ رسولؐ سے متعلق استاد سے معلومات حاصل کرنا اور اسے سننا

حمد، نظم اور نثر

2۔ بولنا

- استاد سے کہے گئے الفاظ کو سن کر دوہرانا
- ہمارے اطراف ہونے والے واقعات کو سنانا
- دو طلباء کے درمیان آپس میں بات چیت
- اپنی اسکول سے متعلق ایک منٹ کی تقریر کرنا
- ہمارے وطن سے متعلق چند جملے ادا کرنا

حمد، نظم اور نثر

3۔ پڑھنا

- حروف کی ادائیگی اچھی طرح سے ادا کرتے ہوئے اسباق کو پڑھنا
- کتاب کے علاوہ مدرسہ کے کتب خانہ میں موجود کہانی کی کتابوں کو پڑھنا
- انٹرنٹ سے تاج محل سے متعلق معلومات حاصل کر کے اس کا مطالعہ کرنا

تمام اسباق میں

4۔ لکھنا

- نظم، نثر اور کہانیوں میں موجود مشکل الفاظ کو لکھنا۔
- تمام مشقوں کو اچھی طرح سمجھ کر انہیں لکھنا۔
- املاء نویسی کی مشق سے مشکل الفاظ کو لکھنا۔
- تحریر کو سدھارنے کی کوشش کرنا۔ خوش خط لکھنا۔

نظم و نثر

4 UR Term-1
Wednesday, July 31, 2019 8:11:49 PM

صلاحیتوں کی جانچ

صلاحیتیں	اسباق

5۔ گرامر

- بول چال کی زبان میں درست تلفظ کے علاوہ مذکر و مونث کا لحاظ رکھنا
- اسم کا مطلب سمجھنا اور اپنے دوستوں کے ساتھ گفتگو کرنا ۔ضرب الامثال کا استعمال کرنا

تمام اسباق میں

6۔ سیکھنا

- اخبار اور دیگر مجلّوں کو پڑھنا اور نئے الفاظ کو معلوم کرنا
- معلوم شدہ نئے الفاظ کو اپنی کاپی میں لکھ کر معنی، اضداد، واحد جمع، مذکر مونث وغیرہ معلوم کرنا

7۔ تخلیقی صلاحیت

- تخلیقی صلاحیت، (تحریری صلاحیت) کسی موضوع پر لکھنے کی کوشش کرنا۔
- ہمارے وطن سے متعلق چند جملے لکھنے کی کوشش کرنا۔

تمام اسباق میں

8۔ اخلاقیات

- اسباق میں جو بھی اچھی باتیں بتائی گئی ہیں، اُن پر عمل کرنا۔
- جو بھی بری بات سے روکا گیا ہے، اس سے رُک جانا۔
- اپنے استاد، والدین، دوستوں، پڑوسیوں کے ساتھ عزت سے پیش آنا۔
- وطن سے محبت، اتحاد اور بھائی چارگی کو فروغ دینا۔سب کے ساتھ اچھی طرح سے پیش آنا۔

تمام اسباق میں

4 UR Term-1
Wednesday, July 31, 2019 8:11:50 PM

دوسری میعاد

Term -II



4 UR Term-2
Wednesday, July 31, 2019 8:02:43 PM

فہرست

نمبر	عنوانات		صفحہ نمبر
1	نعت	فضل اللہ رومی	47
2	مہمان نوازی		52
3	عقلمند نوکر		57
4	اسکول (نظم)	بزمی بھارتی	64
5	آؤ کھیلیں		70
6	درختوں کی زبانی		77

4 UR Term-2
Wednesday, July 31, 2019 8:02:43 PM

نعت

وہ مکّے کے گوہر ہمارے نبیؐ ہیں
مدینے کے سرور ہمارے نبیؐ ہیں

زمانے کو پیغام حق دینے والے
صداقت کا ہم کو سبق دینے والے

وہ نبیوں میں برتر ہمارے نبیؐ ہیں
مدینے کے سرور ہمارے نبیؐ ہیں

وہ مشکل میں لوگوں کے کام آنے والے
غریبوں کے دکھ پر ترس کھانے والے

غریبوں کے دلبر ہمارے نبیؐ ہیں
مدینے کے سرور ہمارے نبیؐ ہیں

دلوں سے عداوت کے شعلے بجھادیں
وہ جینے کا رومیؔ طریقے سکھادیں

وہ عالم کے رہبر ہمارے نبیؐ ہیں
مدینے کے سرور ہمارے نبیؐ ہیں

فضل اللہ رومیؔ

4 UR Term-2
Wednesday, July 31, 2019 8:02:44 PM

مشق

I۔ معنی اور اشارے :

گوہر – موتی، قیمتی پتھر

پیغام – لے جانا، پہنچانا

صداقت – سچائی

برتر – اعلیٰ، بلندتر

عداوت – دشمنی، بغض

شعلے – آگ کی لپیٹ

عالم – دنیا

رہبر – راستہ دکھانے والا



II۔ آیئے الفاظ کو بلند آواز سے پڑھیں :

مکّے	مدینہ	سرور	زمانہ	حق
سبق	نبیوں	مشکل	لوگوں	دکھ

III۔ مناسب الفاظ کی مدد سے خالی جگہوں کو پُر کیجئے :

(غریبوں، عالم، عداوت، مکّے، صداقت)

1۔ وہ ..... کے گوہر ہمارے نبیؐ ہیں۔

2۔ ..... کا ہم کو سبق دینے والے۔

3۔ ..... کے دکھ پر ترس کھانے والے

4۔ دلوں سے ..... کے شعلے بجھا دیں۔

5۔ وہ ..... کے رہبر ہمارے نبیؐ ہیں۔

4 UR Term-2
Wednesday, July 31, 2019 8:02:44 PM

IV۔ سوالات کے جوابات لکھئے :

1۔ مدینے کے سرور ہمارے کون ہیں؟

2۔ کیا مکّے کے گوہر ہمارے نبیؐ ہیں؟


3۔ ہمارے نبیؐ کس کے دکھ پر ترس کھاتے ہیں؟

4۔ دلوں سے کس کے شعلے بجھا دیتے تھے؟

5۔ نعت کسے کہتے ہیں؟



V۔ دائرے کے حرف سے الفاظ بنائیے :



VI۔ حروف کو جوڑ کر الفاظ بنائیے :

1۔ ز + م + ا + ن + ہ = زمانہ

2۔ پ + ے + غ + ا + م = ...

3۔ ص + د + ا + ق + ت = ...

4 UR Term-2
Wednesday, July 31, 2019 8:02:45 PM

4۔ ع + د + ا + و + ت = ...

5۔ ہ + م + ا + ر + ے = ...

VII۔ الفاظ کو الگ کر کے لکھئے :

غریب – ..... + ... + ... + ...

عالم – ..... + ... + ... + ...

شعلے – ..... + ... + ... + ...

مدینہ – ..... + ... + ... + ...

طریقہ – ..... + ... + ... + ... + ...



VIII۔ نعت سے چن کر دئے گئے جدول میں الفاظ لکھئے :

نمبر	دو حرفی	تین حرفی	چار حرفی
1۔	وہ	نبیؐ	گوہر
2۔			
3۔			

4 UR Term-2
Wednesday, July 31, 2019 8:02:45 PM

IX۔ عملی کام :



نعت کو ترنم سے پڑھیے اور زبانی یاد کیجیے۔

کعبۃ اللہ اور مسجد نبویؐ کے گنبد کا نقشہ بنا کر رنگ بھریئے۔

X۔ آیئے لکھنے کی مشق کریں :



مکّہ	مدینہ	عداوت	پیغام	صداقت
مکّہ	مدینہ	عداوت	پیغام	صداقت

4 UR Term-2
Wednesday, July 31, 2019 8:02:45 PM

مہمان نوازی

ایک دفعہ بھوک سے نڈھال ایک صحابیؓ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انھیں کھانا کھلانا چاہا۔دریافت کیا تو معلوم ہوا کہ پانی کے سوا گھر میں کچھ نہیں ہے۔یہ کوئی نئی بات نہیں تھی۔ پیارے نبیؐ کے یہاں اکثر فاقہ رہتا تھا۔ اس وقت کئی صحابی حضورؐ کے پاس بیٹھے تھے۔آپؐ نے فرمایا''آج کی رات اس مہمان کی میزبانی کے لئے کون تیار ہیں''۔

حضرت ابوطلحہؓ نے جواب دیا ''یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں ان کی ذمّہ داری لیتا ہوں''۔

چنانچہ مہمان کو لے کر آپ اپنے گھر تشریف لے گئے۔گھر میں دریافت کرنے پر پتہ چلا کہ یہاں اللہ کا نام ہے۔صرف بچوں کے لئے تھوڑا سا کھانا رکھا ہے اس کے علاوہ کچھ بھی کھانے کے لئے موجود نہیں ہے۔

آپ نے بیوی سے کہا کہ تم بچوں کو کسی طرح بہلا کر سُلا دو۔اور جب مہمان کھانے کے لئے بیٹھے تو بتی ٹھیک کرنے کے بہانے چراغ گل کر دینا۔ہم لوگ بھی مہمان کے ساتھ بیٹھ جائیں گے۔کھانا مہمان کے سامنے رکھ دیں گے۔ہم لوگ بھوکے اٹھ جائیں گے، مہمان کو اندھیرے میں دکھائی دے گا نہیں، وہ سمجھے گا گھر والوں نے بھی کھالیا۔اس طرح اسے اطمینان ہو جائیگا۔اور اتنے کھانے میں اس کا پیٹ بھی بھر جائے گا۔

چنانچہ بیوی نے ایسا ہی کیا۔بہانے سے چراغ گُل کر دیا۔سب لوگ ساتھ بیٹھ گئے۔مہمان سمجھا کہ سب کھا رہے ہیں۔اس نے اطمینان سے پیٹ بھر کھالیا۔میزبان بھوکے رہ گئے مگر خوش تھے کہ چلو مہمان کا پیٹ تو بھر گیا۔اور ہمارے بھوکے رہنے کی اسے خبر بھی نہیں ہوئی ورنہ شاید مہمان کو تکلیف ہوتی۔

صبح کو جب حضرت ابوطلحہؓ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپؐ نے فرمایا طلحہؓ تمہارے رات کے نیک برتاؤ سے اللہ بہت خوش ہوا اور تمہاری تعریف میں آیت نازل فرمائی ہے۔

(ترجمہ) ''وہ دوسروں کو اپنے اوپر ترجیح دیتے ہیں گو وہ فاقہ سے ہوں''۔

4 UR Term-2
Wednesday, July 31, 2019 8:02:45 PM

مشق

I۔ معنی اور اشارے :

دفعہ – باری

نڈھال – تھکا ماندہ

خدمت – کام کاج، نوکری

دریافت – تحقیقی

امر – حکم

فاقہ – بھوکا رہنا

نوبت – حالت

چراغ گل کرنا – چراغ بجھانا

اطمینان – تسلی

خبر – اطلاع

II۔ دیئے گئے لفظ کو ان کی ضد سے جوڑ کر دوبارہ لکھئے :

1۔ رات – میزبان رات × دن

2۔ نیک – راحت .....

3۔ تکلیف – دن .....

4۔ حاضر – بد .....

5۔ مہمان – غائب .....

4 UR Term-2
Wednesday, July 31, 2019 8:02:45 PM

III۔ خالی جگہ بھرتی کرو :

1۔ ایک ..... حضورؐ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔

2۔ ..... کے سوا گھر میں کچھ نہیں ہے۔

3۔ پیارے نبیؐ کے یہاں اکثر ..... کی نوبت ہوتی تھی۔

4۔ میزبان بھوکے رہ گئے مگر ..... تھے۔

5۔ تمہارے رات کے نیک برتاؤ سے ..... بہت خوش ہوا۔

IV۔ سوالات کے جوابات لکھئے :

1۔ حضورؐ کی خدمت میں کون حاضر ہوئے ؟

2۔ مہمان کی میزبانی کو کس نے اپنے ذمہ لیا ؟

3۔ حضرت ابوطلحہؓ نے بیوی سے کیا کہا ؟

4۔ میزبان نے مہمان کو کھلانے کے لئے کیا بہانے کئے؟

5۔ حضورؐ نے ابوطلحہؓ کے نیک برتاؤ پر کیا کہا؟



V۔ ان حرفوں کو ملا کر لکھئے :

1۔ خ د م ت ـ .....

2۔ ر س و ل ـ .....

3۔ چ ر ا غ ـ .....

4۔ ب ع و ی ـ .....

5۔ ف ا ق ہ ـ .....

4 UR Term-2
Wednesday, July 31, 2019 8:02:46 PM

VI۔ سبق میں موجود دو چشمی (ھ) کے الفاظ لکھئے :

1۔ ....

2۔ ....

3۔ ....

4۔ ....

5۔ ....

VII۔ سبق سے چُن کر دیئے گئے جدول میں الفاظ لکھئے۔



نمبر	تین حرفی	چار حرفی	پانچ حرفی
1۔	ایک	دفعہ	نڈھال
2۔			
3۔			
4۔			
5۔			

VIII۔ آیئے الفاظ کو بلند آواز سے پڑھیں۔

بھوک	صحابیؓ	حضورؐ	اتفاق	ذمہ داری
بیوی	نیک	ترجیح	نازل	فاقہ

4 UR Term-2
Wednesday, July 31, 2019 8:02:46 PM

IX ۔ عملی کام۔



1۔ کوئی ایک مشہور صحابیؓ کا واقعہ پڑھ کر اپنے دوستوں کو سنایئے۔

2۔ کھانے پینے کی چیزوں کی تصویروں کو جمع کر کے ان کے نام لکھئے۔

X ۔ آیئے لکھنے کی مشق کریں :



ابوطلحہ	مہمان	بچوں	کھانے	نیک برتاؤ
ابوطلحہ	مہمان	بچوں	کھانے	نیک برتاؤ

4 UR Term-2
Wednesday, July 31, 2019 8:02:46 PM

عقل مند نوکر

عرب کے ایک بادشاہ کو بڑی منتوں اور دعاؤں کے بعد اللہ نے اولاد سے نوازا بادشاہ کی خوشی کا ٹھکانا نہ رہا اس نے درباریوں کو خوب انعامات سے نوازا اور اپنے تمام نوکروں کو بلا کر کہا کہ آج میں بہت خوش ہوں تم لوگوں میں سے کسی ایک کو آزاد کر دوں گا لیکن تم سب کو میرے ساتھ ایک سفر پر چلنا ہوگا۔ میں تمھاری خوبیوں کا امتحان لوں گا تم سب سفر کے لئے سامان اٹھانے کے لئے تیار ہو جاؤ اس بار تم لوگ اپنی اپنی پسند کا سامان اٹھا سکتے ہو تمام نوکروں نے اپنا پسندیدہ سامان لینے کے لئے دوڑ پڑے۔



سب ایک دوسرے سے آگے بڑھ کر ہلکا سامان اٹھانے لگے۔ بادشاہ نے دیکھا ایک نوکر دور کھڑا سب دیکھ رہا تھا۔ بادشاہ نے نوکر کو بلا کر پوچھا کیا تمہیں اپنا پسندیدہ سامان لینے کی جلدی نہیں ہے۔ اس نے باادب ہو کر کہا، نہیں حضور! سب کے لینے کے بعد جو بچے گا میں اس کو اٹھا کر لے چلوں گا۔ قافلہ روانہ ہو گیا۔ آگے آگے بادشاہ اس کے پیچھے گھوڑ سوار فوج اور سب سے پیچھے نوکروں کا جتّھا سر پر بھاری بوجھ لئے دھیرے دھیرے چل رہا تھا۔ بادشاہ نے غور کیا سب سے پیچھے کھانے پینے کا سب سے بھاری سامان اٹھائے وہی نوکر چل رہا تھا۔ جو چپ کھڑا ہو کر سب کے جانے کا انتظار کر رہا تھا۔ سفر ختم ہونے کو آیا۔ سفر کے آخری دن وہی نوکر خالی ہاتھ ہنستا ہوا سب سے آگے چل رہا تھا۔ بادشاہ نے اسے اپنے پاس بلا کر پوچھا تمہارا سامان کہاں ہے؟

4 UR Term-2
Wednesday, July 31, 2019 8:02:49 PM

تمام نوکر سوچنے لگے ضرور اب اسے سخت سزا ملے گی اس نوکر نے کہا حضور! میرے سر کا بوجھ اب سبھی ساتھ لے کر چل رہے ہیں۔ اس کا جواب سن کر سب نوکر اور بھی ڈر گئے۔

بادشاہ مسکرا کر بولا اچھا محل چل کر بتانا کہ تمہاری اس بات کا کیا مطلب ہے۔ سفر ختم ہوا سب محل پہنچ گئے۔ بادشاہ نے اس نوکر کو بلا کر پوچھا اب تم اپنی بات کا مطلب بتاؤ۔ نوکر نے کہا جہاں پناہ! میں جانتا تھا کہ سب سے زیادہ بوجھ کھانے پینے کے سامان کا ہوتا ہے۔ میں جانتا تھا کہ اس کو کوئی نہیں اٹھائے گا یہی وجہ ہے کہ میں نے کوئی جلد بازی نہیں کی لیکن کسی نے یہ نہیں سوچا کہ اس سامان کا وزن دن بدن کم ہوتا چلا جائے گا۔ اس طرح سفر کے آخر تک میرے پاس بالکل وزن نہیں رہا وہ سب کے پیٹ میں چلا گیا۔ اُس نوکر کی عقلمندی سے بادشاہ بہت خوش ہوا اور اسی وقت اس کو آزاد کر دیا اور بہت سارا انعام دیکر اسے رخصت کر دیا۔

مشق

I۔ معنی اور اشارے :

منتوں	–	نیت کرنا
اولاد	–	بیٹا، بیٹی
آزاد	–	رِہائی
خوبیوں	–	اچھائیوں
امتحان	–	آزمائش
قافلہ	–	مسافروں یا تاجروں کا گروہ
جتّھا	–	جماعت، ازدھام
انتظار	–	راہ دیکھنا
بوجھ	–	وزن
عقلمندی	–	ہوش مندی
رخصت	–	روانگی

4 UR Term-2
Wednesday, July 31, 2019 8:02:50 PM

II۔ دیئے گئے الفاظ کی صحیح ضد چن کر لکھئے :

1۔ بادشاہ	×	.....	پیچھے
2۔ آگے	×	.....	بے وقوف
3۔ عقلمند	×	.....	رعایا
4۔ خوش	×	.....	وزن
5۔ ہلکا	×	.....	غم گین

III۔ آیئے الفاظ کو بلند آواز سے پڑھیں :



بادشاہ	اولاد	درباریوں	نوکروں	پسندیدہ
سامان	روانہ	فوج	جلد بازی	انعام

IV۔ خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پُر کیجئے :

(سفر، بادشاہ، اولاد، آزاد، نوکر)

1۔ بادشاہ کو بڑی منتوں اور دعاؤں کے بعد اللہ نے ..... سے نوازا۔

2۔ آج میں بہت خوش ہوں تم لوگوں میں سے کسی ایک کو ..... کر دوں گا۔

3۔ تم سب کو میرے ساتھ ایک ..... پر چلنا ہوگا۔

4۔ بادشاہ نے دیکھا ایک ..... دور کھڑا سب دیکھ رہا تھا۔

5۔ نوکر کی عقلمندی سے ..... بہت خوش ہوا۔

4 UR Term-2
Wednesday, July 31, 2019 8:02:50 PM

V۔ دئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے۔

1۔ اللہ تعالیٰ نے بادشاہ کو کس سے نوازا؟

2۔ نوکروں نے آگے بڑھ کر کس طرح کا سامان اٹھانا پسند کیا؟

3۔ بادشاہ نے نوکروں کو بلا کر کیا کہا؟

4۔ نوکر کس چیز کے لئے دوڑ پڑے؟

5۔ نوکر کی عقلمندی پر بادشاہ نے کیا کیا؟

VI۔ صحیح (✓) اور غلط (×) کی نشان دہی کیجئے :

1۔	محل	( )	مہل	( )
2۔	قوب	( )	خوب	( )
3۔	عقل	( )	اقل	( )
4۔	صامان	( )	سامان	( )
5۔	انعام	( )	انام	( )
6۔	انتزار	( )	انتظار	( )



VII۔ سبق میں سے چن کر الفاظ لکھئے :

نمبر	تین حرفی	چار حرفی	پانچ حرفی
1۔	دعا	آزاد	سامان
2۔			
3۔			
4۔			
5۔			


4 UR Term-2
Wednesday, July 31, 2019 8:02:50 PM

VIII۔ لفظوں کا کھیل

س	ز	ا	ص
ا	ل	ا	ل
م	ج	ل	س
ا	ف	ا	ف
ن	و	ک	ر
ب	ج	ل	ی

سزا

IX۔ ان حروف کی مدد سے چند الفاظ بنائیے :



4 UR Term-2
Wednesday, July 31, 2019 8:02:50 PM

X ۔ عملی کام



1۔ عقلمندی کی کہانی پر تصویروں کو جمع کر کے چھوٹے چھوٹے جملے لکھئے۔

2۔ اسی طرح کی دوسری کہانیوں کو جمع کیجئے اور اپنے دوستوں میں سنایئے۔

XI ۔ آیئے لکھنے کی مشق کریں :



عقل مند	ٹھکانہ	دعاؤں	مسکرانا	رخصت	آزاد
عقل مند	ٹھکانہ	دعاؤں	مسکرانا	رخصت	آزاد

4 UR Term-2
Wednesday, July 31, 2019 8:02:50 PM

قواعد

ایک اور ایک سے زیادہ :

ایک کو **واحد** اور ایک سے زیادہ کو **جمع** کہا جاتا ہے۔ اگر واحد لفظ 'ا' یا 'ہ' پر ختم ہوتا ہے تو اسے جمع بنانے کے لئے 'ا' یا 'ہ' کو ہٹا کر 'ے' لگائی جاتی ہے۔

آیئے دیکھیں واحد کی جمع کس طرح بنائی جاتی ہے۔



واحد	جمع
کوّا	کوّے
انڈا	.....
دائرہ	.....
طوطا	.....
گھوڑا	.....
چشمہ	.....

مشق

I۔ آیئے غور کریں اور لکھیں :

دیئے گئے واحد کو جمع سے جوڑ کر دوبارہ لکھئے :

واحد	جمع
1۔ کپڑا	کھانے
2۔ روزہ	مہینے
3۔ میوہ	کپڑے
4۔ مہینہ	زوزے
5۔ کھانا	میوے

واحد	جمع

4 UR Term-2
Wednesday, July 31, 2019 8:02:50 PM

نظم

اسکول

بزمی بھارتی

اسکول میں عزت بٹتی ہے
اسکول میں شہرت بٹتی ہے
اسکول میں صحت بٹتی ہے
تعلیم کی دولت بٹتی ہے
اسکول کی دنیا میں آؤ

ذہنوں کو اگر چمکانا ہے
کُندن کی طرح دمکانا ہے
گُل بن کے اگر مُسکانا ہے
دنیا کو اگر مہکانا ہے
اسکول کی دنیا میں آؤ



4 UR Term-2
Wednesday, July 31, 2019 8:02:51 PM

اسکول ہے اک ایسی دنیا
پھولوں کا وہاں کے کیا کہنا
اس صحن چمن کا ہر کانٹا
ہے کومل ، سُندر، البیلا
اسکول کی دنیا میں آؤ

آزاد ، جواہر ، گاندھی جی
بچے تھے کبھی تم جیسے ہی
تعلیم نے ہر نعمت بخشی
پانا ہے بہت کچھ تم کو بھی
اسکول کی دنیا میں آؤ

مشق

I۔ معنی اور اشارے :

عزت – آبرو
شہرت – نیک نامی
صحت – تندرستی
دولت – مال، دھن
کُندن – خالص سونا
گُل – پھول
صحن – آنگن
چمن – باغ
کومل – نرم ، ملائم
نعمت – سہولت، مال و دولت

4 UR Term-2
Wednesday, July 31, 2019 8:02:51 PM



II۔ آیئے بلند آواز سے پڑھیں :

اسکول	دنیا	تعلیم	ذہن	پھول
سندر	البیلا	آزاد	جواہر	گاندھی

III۔ سوالات کے جوابات لکھئے :

1۔ اسکول میں کیا کیا چیزیں بٹتی ہیں؟

2۔ کیا اسکول کی دنیا میں جانا ضروری ہے؟

3۔ ذہنوں کو چمکانا ہو تو ہمیں کہاں جانا چاہئے؟

4۔ تعلیم نے ہمیں کیا بخشا ہے؟

5۔ اسکول میں کیا سکھایا جاتا ہے؟



IV۔ حروف کو جوڑ کر الفاظ لکھئے :

1۔ چم

2۔ دم

3۔ مُس

4۔ مہہ

کانا

چمکانا

1 _____

2 _____

3 _____

4 _____



عزت

1 _____

2 _____

3 _____


4 _____

5 _____

6 _____

4 UR Term-2
Wednesday, July 31, 2019 8:02:52 PM

V۔ دیئے گئے الفاظ ایک دوسرے کی ضد ہیں۔ پہچانئے اور ہر جوڑے میں الگ رنگ بھریئے۔





VI۔ دوحرفی، تین حرفی اور چار حرفی الفاظ چُن کر لکھئے۔

نمبر	دوحرفی	تین حرفی	چار حرفی
1۔	دعا	آزاد	سامان
2۔			
3۔			
4۔			
5۔			

4 UR Term-2
Wednesday, July 31, 2019 8:02:52 PM

VII۔ عملی کام :



1۔ 'اسکول کی نظم' ترنم سے پڑھئے اور یاد کیجئے۔

2۔ اسکول کا نقشہ بنا کر رنگوں سے سجائیے۔

VIII۔ آیئے لکھنے کی مشق کریں۔




اسکول	استاد	شاگرد	تعلیم	دنیا
اسکول	استاد	شاگرد	تعلیم	دنیا

4 UR Term-2
Wednesday, July 31, 2019 8:02:52 PM

IX۔ راستہ بھول گیا ہوں مجھے اسکول جانے میں مدد کیجئے۔







4 UR Term-2
Wednesday, July 31, 2019 8:02:52 PM

آؤ کھیلیں

جسم کو صحت مند رکھنے کے لئے ورزش اور کھیل بے حد ضروری ہیں۔ جس معاشرے میں کھیل کے میدان آباد ہوتے ہیں۔ اس معاشرے کی ترقی اور خوشحالی یقینی ہوتی ہے۔ ایک اچھے طالب علم کے لئے تعلیم کے ساتھ ساتھ کھیل بھی ضروری ہے۔ کھیل کی وجہ سے ہم جسمانی لحاظ سے مضبوط اور ذہنی اعتبار طور پر چالاک اور تیز ہوتے ہیں۔ ہر کھیل میں ایک قسم کی ورزش ہوتی ہے۔



کھیلنے سے دل کی حرکت تیز ہو جاتی ہے جس کی وجہ سے خون تیزی سے جسم کے ہر حصے میں گردش کرتا ہے اور جسم کے بند مسامات کھل جاتے ہیں۔ تازہ ہوا جسم میں داخل ہو کر تازہ خون پیدا کرتی ہے۔ پسینہ آنے سے جسم کی کثافت اور میل کچیل خارج ہو جاتا ہے۔ جسم میں پُھرتی اور قوت پیدا ہوتی ہے۔ کھیلنے سے جسم کے تمام اعضاء طاقتور اور پٹھے مضبوط ہوتے ہیں کوئی بیماری جلد اثر نہیں کرتی۔ جسم میں بیماری کی مدافعت کرنے کی قوت پیدا ہو جاتی ہے۔

4 UR Term-2
Wednesday, July 31, 2019 8:02:54 PM

اخلاقی طور پر ان کھیلوں کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ طلباء میں اتحاد و اتفاق اور آپس میں میل جول پیدا ہو جاتا ہے۔ مل جل کر کام کرنے کا جذبہ پیدا ہوتا ہے۔ چنانچہ کھیلوں سے جہاں جسمانی توانائی حاصل ہوتی ہے۔ وہاں ذہنی نشو ونما بھی ہوتا ہے۔ مشکلات میں ثابت قدم رہنا اور ذہنی صلاحیتوں کو برقرار رکھنا یہ سب اوصاف محض کھیلوں سے پیدا ہوتے ہیں۔ ایک اندرونی کھیل اور دوسرا بیرونی کھیل۔ کھیل کود کو دو حصّوں میں بانٹ دیا جاتا ہے۔ (ایک اندرونی حصوں میں کھیلے جانے والے کھیل دوسرا کھلے میدان میں کھلتے ہیں) اندرونی حصّوں میں 'کیرم بورڈ' ٹیبل ٹینس 'سیڑھی اور سانپ Ludo، باسکٹ بال، والی بال، تیراکی (Swimming) جمناسٹک وغیرہ کھیلتے ہیں۔ کھلے میدان میں کرکٹ 'ہاکی' 'فٹ بال' 'نشانہ بازی' ''کبڈی وغیرہ کھیلے جاتے ہیں۔


کرکٹ : مقبول اور پسندیدہ کھیل ہے۔ کرکٹ کی طرح ہاکی کی ٹیم میں بھی گیارہ کھلاڑی ہوتے ہیں۔ اور یہ مقابلہ دو ٹیموں میں ہوتا ہے۔ ہاکی میں ہار جیت کا فیصلہ گول پر مبنی ہے۔

فٹ بال : دنیا میں سب سے مقبول ترین کھیل ہے۔ ہر ٹیم میں گیارہ کھلاڑی ہوتے ہیں۔ اس کھیل کا فیصلہ گول کی بنیاد پر ہوتا ہے۔ اسی طرح اور بہت سے اندرونی اور باہر کے کھیل ہوتے ہیں جن کے کھیلنے کا طریقہ اپنے استاد سے سیکھیں۔

اولمپک کھیل ہر چار سال میں ایک مرتبہ ملک بدل بدل کر کھیلا جاتا ہے اور تمام ممالک والے حصہ لیتے ہیں اور یہاں کسی بھی ملک میں چھوٹے اور بڑے کا فرق نہیں کیا جاتا۔ اور اس کا مقصد انسانوں میں میل ملاپ اور اتحاد پیدا کرنا ہے۔









4 UR Term-2
Wednesday, July 31, 2019 8:02:55 PM

مشق

I۔ معنی اور اشارے :

صحت – تندرستی

یقینی – یقین کیا ہوا

مضبوط – ثابت قدم رہنا

گردش – گھومنا

کثافت – آلودگی

قوت – طاقت / توانائی

نظم وضبط – انتظام

ترغیب – رغبت دِلانا، شوق دلانا

مقبول – مشہور

اتحاد – میل جول، اتفاق

II۔ خالی جگہ بھرتی کرو :

1۔ جسم کو صحت مند رکھنے کے لئے ..... بے حد ضروری ہے۔

2۔ کھیلنے سے ..... کی حرکت تیز ہوتی ہے۔

3۔ ..... ہمارا قومی کھیل ہے۔

4۔ کرکٹ ٹیم میں ..... کھلاڑی ہوتے ہیں۔

5۔ ..... کھیل ہر چار سال میں ایک مرتبہ کھیلتے جاتے ہیں۔



III۔ آیئے بلند آواز سے پڑھیں :

معاشرے	خوشحالی	اعتبار	ورزش	طاقتور
نشونما	کھلاڑی	اولمپک	میل ملاپ	اتحاد و اتفاق

4 UR Term-2
Wednesday, July 31, 2019 8:02:55 PM



IV۔ ہر گروہ سے غیر متعلق لفظ کی پہچان کر کے خانوں میں لکھئے :

1۔	ہاکی	کرکٹ	فٹ بال	اسکول
2۔	آنکھ	کان	دل	ناک
3۔	شطرنج	کبڈی	کیرم بورڈ	ٹیبل ٹینس
4۔	پیر	منگل	بدھ	مئی
5۔	میدان	ٹیم	تعلیم	گیند

V۔ صحیح یا غلط نشان لگائیے :

1۔ جسم کو صحت مند رکھنے کے لئے کھیل کود اور ورزش بے حد ضروری ہیں۔ ( )

2۔ کھیلنے سے دل کی حرکت سست ہوتی ہے۔ ( )

3۔ کھیل سے آپس میں اتحاد و اتفاق پیدا ہو جاتا ہے۔ ( )

4۔ اولمپک کھیل ہر پانچ سال میں ایک مرتبہ کھیلا جاتا ہے۔ ( )

5۔ کرکٹ ایک مقبول و پسندیدہ کھیل ہے۔ ( )

VI۔ جوڑ لگاؤ :

1۔	فٹ بال	-	چار سال
2۔	ہاکی	-	ورزش
3۔	شطرنج	-	قومی کھیل
4۔	اولمپک کھیل	-	عالمی کھیل
5۔	صحت	-	ذہنی کھیل

تخلیقی صلاحیت



فٹ بال کیسے کھیلا جاتا ہے۔ اس سلسلے میں ایک منٹ کی تقریر کیجئے۔

اپنے پسندیدہ کھیل سے متعلق دو جملے لکھئے۔

اپنے پسندیدہ کھلاڑیوں کی تصویریں یہاں چسپاں کیجئے۔

4 UR Term-2
Wednesday, July 31, 2019 8:02:56 PM

VII۔ نیچے لکھے ہوئے جملوں میں الفاظ کی جگہ تصویریں دی گئی ہیں۔

ان تصویروں کو جملے کے ساتھ پڑھ کر مکمل جملہ بنائیے۔

1۔ تمہارا خرچ تو  دنی سے زیادہ ہے۔

2۔ میز   رکھی ہوئی ہے۔

3۔ اسکول جانے سے پہلے مجھے  ے یاد کرنے ہیں۔

4۔ ہم نے بے  ہی زحمت کی۔

5۔ اس  ب سے ذرا آگے ایک  ہے۔

4 UR Term-2
Wednesday, July 31, 2019 8:02:57 PM

VIII۔ سوالات کے جوابات لکھئے :

1۔ جسم کو صحت مند کے لئے ہمیں کیا کرنا چاہئے؟

2۔ معاشرے میں ترقی اور خوشحالی کس طرح یقینی ہوتی ہے؟

3۔ کھیلوں کا سب سے بڑا فائدہ کیا ہے؟

4۔ دنیا میں سب سے مقبول ترین کھیل کونسا ہے؟

5۔ اولمپک کھیل کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟



IX۔ سبق سے چن کر الفاظ لکھئے :

نمبر	تین حرفی	چار حرفی	پانچ حرفی
1۔	جسم	ورزش	میدان
2۔			
3۔			
4۔			
5۔			



I۔ عملی کام :

☆ آپ کا پسندیدہ کھیل پر کوئی چار جملے لکھئے۔

☆ اندرونی کھیل کی تصویریں جمع کر کے انکے نام لکھئے اور انہیں اپنی اسکراپ بک میں چپکائیں

☆ بیرونی کھیل کی تصویریں جمع کر کے انکے نام لکھئے اور انہیں اپنی اسکراپ بک میں چپکائیں

4 UR Term-2
Wednesday, July 31, 2019 8:02:58 PM

X ۔ ذیل میں دیئے گئے کھیلوں میں فرق کیجئے کہ کونسا کھیل اندرونی ہے اور کونسا بیرونی ؟

(شطرنج، کبڈی، کرکٹ، کیرم بورڈ، فٹ بال، ٹیبل ٹینس)



اندرونی کھیل

بیرونی کھیل

XI۔ آیئے لکھنے کی مشق کریں :



صحت	کھیل	اصول	کھلاڑی	میدان	اندرونی کھیل

4 UR Term-2
Wednesday, July 31, 2019 8:02:58 PM

درختوں کی زبانی



گرمیوں کی ایک دوپہر تھی۔ گاؤں پر خاموشی چھائی ہوئی تھی۔ ایسے میں ایک بچّہ، ہاتھ میں کتاب لئے اپنے گھر سے نکلا اور قریب کے ایک باغ میں ایک گھنے درخت کے نیچے بیٹھ کر اپنا سبق یاد کرنے لگا۔ ذرا سُستی آئی تو درخت کے تنے سے پشت لگالی۔ باغ کی خوش گوار اور ٹھنڈی ہوا کے جھونکوں سے اُسے نیند آ گئی۔ اُس نے خواب میں دیکھا کہ درختوں نے اس سے بولنا شروع کر دیا ہے۔ وہ جس درخت کے نیچے تھا۔ اس نے کہنا شروع کیا۔

''میرے ننھے دوست! اللہ نے جہاں تمھیں اور بہت سی نعمتیں ہوا، پانی اور دھوپ وغیرہ عطا فرمائی ہیں، وہاں اُس نے ہمیں بھی تمہاری خدمت پر مامور کیا ہے۔ یہ صحیح ہے کہ ہم دیگر جانداروں مثلاً اونٹوں، گھوڑوں اور بیلوں کی طرح چلتے پھرتے اور بھاگتے دوڑتے نہیں ہیں۔ لیکن اس کا یہ مطلب بھی نہیں کہ ہم نکمّے اور بے کار ہیں۔ گرمی کے موسم میں جب تم اسکول سے گھر آتے ہو تو ہم راستے میں تم پر سایہ کرتے ہیں۔ جب تمہیں کوئی جائے پناہ

4 UR Term-2
Wednesday, July 31, 2019 8:03:00 PM

نہیں ملتی تو سیدھے ہماری طرف بھاگے آتے ہو۔ہم تمہیں ہر موسم میں پھل پھلاری بھی پیش کرتے ہیں ۔کبھی آم، کبھی امرود، کبھی آلو بخارے، کبھی خوبانی کبھی کچھ اور''۔

دوسرا درخت کہنے لگا : ''بعض پھل تو ہم تمہیں ایسے دیتے ہیں کہ ایک بار خرید لو اور مہینوں کھاتے رہو، خراب ہونے کا کوئی خطرہ ہی نہیں ۔کیا بادام، اخروٹ، پستے وغیرہ ایسے ہی پھل نہیں ہیں؟'' ابھی دوسرا اپنی بات ختم ہی کر پایا تھا کہ ایک اور درخت بول اٹھا : ''تمہارے مکان کے دروازے، کھڑکیاں، میز، کرسیاں اور دوسری ضرورت کی بے شمار چیزیں جس لکڑی سے بنائی جاتی ہیں، وہ بھی تو ہمیں سے حاصل کی جاتی ہے''۔

ایک اور درخت نے بولنا شروع کر دیا: ''ہم سے تمہیں اَن گنت فائدے حاصل ہوتے ہیں ۔ یہ ربڑ، گوند، کاغذ وغیرہ ہمیں نے تو تمہیں دی ہیں ۔''

اتنے میں دور سے ایک درخت نے بولنا شروع کیا : ''تمہاری زندگی اور صحت کا دارومدار صاف ہوا پر ہے ۔ہم گندی ہوا اپنے اندر جذب کر لیتے ہیں اور تمہیں صاف ہوا دیتے ہیں تا کہ تم صحت مند رہو''۔

پاس ہی سے ایک نوجوان درخت بھی بولا : ''بارش بھی ہماری وجہ سے ہوتی ہے ۔ ہمارے ہی پھلوں، پھولوں، پتوں، جڑوں اور چھال سے دوائیں بنتی ہیں''۔

اتنے میں ایک بوڑھے درخت نے شفقّت سے کہا : ''لیکن بچوں! جہاں ہم تمہاری اتنی خدمت کرتے ہیں، وہیں تمہارا بھی تو فرض ہے کہ ہماری کچھ نہ کچھ خدمت اور دیکھ بھال کریں ۔راہ چلتے ہوئے ہماری ٹہنیاں نہ توڑو، پتّے نہ نوچو اور کھیل ہی کھیل میں ہمارے نرم و نازک بچوں کو زمین سے نہ اُکھاڑو، تمہیں چاہئے کہ ہمیں نقصان پہنچانے کے بجائے ہماری حفاظت اور دیکھ بھال کرو۔ ہماری تعداد بڑھانے کی کوشش کرو اور اگر غور کرو تو اس میں بھی تمہارا ہی نفع ہے''۔

مشق

I۔ معنی اور اشارے :

پشت لگانا – پیٹھ سے ٹیک لگانا

خوش گوار – اچھا لگنے والا، سُہانا

مامور – حکم کیا ہوا، کام پر لگایا ہوا

4 UR Term-2
Wednesday, July 31, 2019 8:03:00 PM

جائے پناہ - پناہ کی جگہ

جذب کر لینا - اپنے اندر سمو لینا

اَن گِنت - بے شمار



II۔ آیئے بلند آواز سے ان الفاظ کو پڑھیں :

سُستی	نعمتیں	خدمت	اسکول	سایہ
پھل پھلاری	مکان	زندگی	شفقت	دارومدار

III۔ الفاظ کے آگے 'با' اور 'بے' لگا کر پڑھئے اور سمجھیں :



باجماعت	-	بے جماعت
.....وضو	-	.....وضو
.....معنی	-	.....معنی
.....ادب	-	..... ادب
.....نصیب	-	.....نصیب

IV۔ حروف کو ملا کر لکھئے :

1۔ د ر خ ت .....

2۔ د ھ و پ .....

3۔ س ا ے ہ .....

4۔ ب ا ر ش .....

5۔ ک ا غ ذ .....

4 UR Term-2
Wednesday, July 31, 2019 8:03:01 PM

V۔ ان الفاظ کو الگ کر کے لکھئے :

1۔ ٹھنڈی – ....

2۔ دوست – ....

3۔ مامور – ....

4۔ موسم – ....

5۔ مکان – ....

VI۔ سوالات کے جوابات لکھئے :

1۔ بچے نے خواب میں کیا دیکھا؟

2۔ درختوں سے ہمیں کیا فائدے حاصل ہوتے ہیں؟

3۔ ماحول کو بہتر بنانے میں درخت کیا کام کرتے ہیں؟

4۔ درختوں کی حفاظت کے لئے ہمیں کیا کرنا چاہئے؟

5۔ درختوں کی خدمت اور دیکھ بھال کس طرح کرنی چاہئے؟

VII۔ نیچے لکھے ہوئے الفاظ کی ضد بتایئے :

1۔ گرمی × .....

2۔ دھوپ × .....

3۔ جاندار × .....

4۔ سیدھا × .....

5۔ نیچے × .....

VIII۔ قوسین میں دئے گئے الفاظ میں سے مناسب لفظ چن کر خالی جگہ پر کیجئے۔

1۔ اس نے خواب میں دیکھا کہ درختوں نے ..... شروع کر دیا ہے۔ (ہنسنا، بولنا)

4 UR Term-2
Wednesday, July 31, 2019 8:03:01 PM

2۔ اللہ نے تمہیں اور بہت سی ..... ہوا، پانی اور دھوپ وغیر عطا فرمائی ہیں۔ (نعمتیں، راحتیں)

3۔ کبھی آم، کبھی امرود، کبھی آلو بخارے، کبھی ..... کبھی کچھ اور۔ (ککڑی، خوبانی)

4۔ ایک دوسرے درخت نے پہلے درخت کی ..... کی۔ (تردید، تائید)

5۔ تمہاری زندگی اور ..... کا دارومدار صاف ہوا پر ہے۔ (صحت، بیماری)

IX۔ جوڑ لگایئے :

1۔ سوکھے پھل	-	جڑی بوٹی
2۔ جانور	-	بارش
3۔ مکان	-	اخروٹ
4۔ درخت	-	اونٹ
5۔ دوائیں	-	دروازے

X۔ سبق سے چن کر الفاظ لکھئے :



نمبر	تین حرفی	چار حرفی	پانچ حرفی
1۔	باغ	درخت	اخروٹ
2۔			
3۔			
4۔			
5۔			

4 UR Term-2
Wednesday, July 31, 2019 8:03:01 PM

XI۔ عملی کام :



1۔ جنگلات کی مختلف قسموں کے تصویروں کو جمع کر ایک البم تیار کیجئے۔

2۔ اپنے گھر میں کوئی ایک قسم کا پودا لگا کر ان کی پرورش کیجئے۔

XII۔ آیئے لکھنے کی مشق کریں :



سستی	ٹھنڈی	دھوپ	نقصان	موسم
سستی	ٹھنڈی	دھوپ	نقصان	موسم

4 UR Term-2
Wednesday, July 31, 2019 8:03:02 PM

صلاحیتوں کی جانچ

صلاحیتیں	اسباق

1۔ سُننا

- طالب علم، استاد کی زبان سے ادا کئے گئے الفاظ کے مختلف آوازوں کو سنے اور انہیں غور سے ادا کرنا
- نعت کے الفاظ کو غور سے سننا اور ترنم سے پڑھنا
- نظم اسکول کو غور سے سننا اور نئے الفاظ کو سن کر ترنم سے پڑھنا
- مہمان نوازی کے واقعہ سے متعلق استاد سے معلومات حاصل کرنا اور اسے سننا

نعت، نظم اور نثر

2۔ بولنا

- استاد سے کہے گئے الفاظ کو سن کر دوہرانا
- ہمارے اطراف ہونے والے واقعات کو سنانا
- دو طلباء کے درمیان آپس میں بات چیت
- اپنے پسندیدہ کھیل سے متعلق ایک منٹ کی تقریر کرنا
- درخت ہمارے لئے کس طرح اہم ہیں؟ اس سے متعلق دو دوستوں کے درمیان مکالمہ بازی کرنا۔

نعت، نظم اور نثر

3۔ پڑھنا

- حروف کی ادائیگی اچھی طرح سے ادا کرتے ہوئے اسباق کو پڑھنا
- کتاب کے علاوہ مدرسہ کے کتب خانہ میں موجود کہانی کی کتابوں کو پڑھنا
- دنیا بھر میں کئی کھیل کھیلے جاتے ہیں، ان سے متعلق معلومات حاصل کر کے ان کا مطالعہ کرنا

تمام اسباق میں

4۔ لکھنا

- نظم، نثر اور کہانیوں میں موجود مشکل الفاظ کو لکھنا۔
- تمام مشقوں کو اچھی طرح سمجھ کر انہیں لکھنا۔
- املاء نویسی کی مشق سے مشکل الفاظ کو لکھنا۔
- تحریر کو سدھارنے کی کوشش کرنا۔ خوش خط لکھنا۔

نظم و نثر

4 UR Term-2
Wednesday, July 31, 2019 8:03:02 PM

صلاحیتوں کی جانچ

صلاحیتیں	اسباق

5۔ گرامر

- بول چال کی زبان میں درست تلفظ کے علاوہ مذکر و مونث کا لحاظ رکھنا
- واحد جمع بنانے کے طریقوں کو سیکھنا۔ نئے الفاظ کی واحد جمع بنانا۔

تمام اسباق میں

6۔ سیکھنا

- اخبار اور دیگر مجلّوں کو پڑھنا اور نئے الفاظ کو معلوم کرنا
- معلوم شدہ نئے الفاظ کو اپنی کاپی میں لکھ کر معنی، اضداد، واحد جمع، مذکر مونث وغیرہ معلوم کرنا

7۔ تخلیقی صلاحیت

- تخلیقی صلاحیت، (تحریری صلاحیت) کسی موضوع پر لکھنے کی کوشش کرنا۔
- اپنے گھر مہمان آرہے ہیں، ان کے لئے آپ کیا تیاری کروگے، اپنے الفاظ میں لکھئے۔

تمام اسباق میں

8۔ اخلاقیات

- اسباق میں جو بھی اچھی باتیں بتائی گئی ہیں، اُن پر عمل کرنا۔
- جو بھی بری بات سے روکا گیا ہے، اس سے رُک جانا۔
- اپنے استاد، والدین، دوستوں، پڑوسیوں کے ساتھ عزت سے پیش آنا۔
- وطن سے محبت، اتحاد اور بھائی چارگی کو فروغ دینا۔ سب کے ساتھ اچھی طرح سے پیش آنا۔

تمام اسباق میں

4 UR Term-2
Wednesday, July 31, 2019 8:03:02 PM

اردو

چوتھی جماعت کے لئے

میعاد - III



4 UR Term-3
Wednesday, July 31, 2019 7:52:52 PM

فہرست

نمبر	اسباق		صفحہ نمبر
1	دعا (نظم)	علامہ اقبالؒ	87
2	حج کا سفر		92
3	دوست ہو تو ایسا		98
4	بجلی (نظم)	ماخوذ	104
5	شہد کی مکھی		109
6	ہر میدان میں آگے بڑھو تم (نظم)	ساحر داؤد نگری	119
7	سورج کیا ہے؟		125



4 UR Term-3
Wednesday, July 31, 2019 7:52:52 PM



دعا

لب پہ آتی ہے دعا بن کے تمنا میری
زندگی شمع کی صورت ہو خدایا میری

دُور دنیا کا میرے دم سے اندھیرا ہوجائے
ہر جگہ میرے چمکنے سے اجالا ہوجائے

ہومیرے دم سے یوں ہی میرے وطن کی زینت
جس طرح پھول سے ہوتی ہے چمن کی زینت

زندگی ہومیرے پروانے کی صورت یارب
علم کی شمع سے ہو مجھ کو محبت یا رب

میرے اللہ برائی سے بچانا مجھ کو
نیک جو راہ ہو اس رہ پر چلانا مجھ کو

علامہ اقبالؒ

4 UR Term-3
Wednesday, July 31, 2019 7:52:54 PM

مشق

I۔ معنی واشارے :

لب : ہونٹ

تمنا : خواہش

شمع : موم بتی، چراغ

زینت : خوب صورتی

چمن : باغ

پروانہ : پتنگا

حمایت : مدد

ضعیفوں : کمزوروں

II۔ ان الفاظ کی ضد لکھئے :

1۔ اندھیرا × .....

2۔ زندگی × .....

3۔ محبت × .....

4۔ نیک × .....

5۔ پھول × .....

4 UR Term-3
Wednesday, July 31, 2019 7:52:54 PM

III۔ خالی جگہ بھرتی کیجئے :

1۔ لب پہ آتی ہے ..... بن کے تمنا میری

2۔ ..... شمع کی صورت ہو خدایا میری

3۔ علم کی شمع سے ہو مجھ کو ..... یارب

4۔ میرے اللہ ..... سے بچانا مجھ کو

5۔ ..... جو راہ ہو اس رہ پر چلانا مجھ کو

IV۔ آیئے الفاظ کو بلند آواز سے پڑھیں اور مشق کریں۔



تمنّا	شمع	صورت	اندھیرا	چمکنے
اجالا	یونہی	زینت	برائی	نیک

V۔ نیچے دئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے۔

1۔ بچہ کس سے دعا مانگ رہا ہے؟

2۔ بچہ کن لوگوں کی حمایت کرنا چاہتا ہے؟

3۔ بچہ کن لوگوں سے محبت کرنا چاہتا ہے؟

4۔ بچہ کس راہ پر چلنے کی تمنا رکھتا ہے؟

5۔ بچہ کس طرح علم حاصل کرنا چاہتا ہے؟

6۔ بچہ اللہ تعالیٰ سے کونسے راستے پر چلانے کی دُعا کرتا ہے؟

4 UR Term-3
Wednesday, July 31, 2019 7:52:54 PM



VI۔ الفاظ کو الگ الگ کر کے لکھئے۔

1۔ شمع ....

2۔ اندھیرا ....

3۔ پھول ....

4۔ پروانے ....

5۔ محبت ....

VII۔ حروف کو جمع کر کے الفاظ بنائیے۔

1۔ ص و ر ت .....

2۔ ا ج ا ل ا .....

3۔ ز ی ن ت .....

4۔ ع ل م .....

5۔ د ن ے ا .....

VIII۔ عملی کام :

اس نظم کو ترنم سے پڑھئے۔



4 UR Term-3
Wednesday, July 31, 2019 7:52:55 PM

IX۔ آیئے لکھنے کی مشق کریں۔



دعا	تمنا	شمع	زینت	اندھیرا	چمکنے
دعا	تمنا	شمع	زینت	اندھیرا	چمکنے

4 UR Term-3
Wednesday, July 31, 2019 7:52:55 PM



حج کا سفر

حضرت عبداللہ بن مبارکؒ ایک مشہور بزرگ گزرے ہیں۔ بہت بڑے عالم اور بہت نیک انسان ہونے کے ساتھ ساتھ وہ بہت مالدار بھی تھے۔ ایک سال حضرت عبداللہ بن مبارکؒ نے حج کرنے کا ارادہ کیا اور اپنے خادم کو ساتھ لے کر مکہ مکرمہ کی طرف روانہ ہو گئے۔

آپ اپنے گھوڑے پر سوار ہو کر جا رہے تھے کہ ایک بستی کے پاس سے گزرتے ہوئے ایک ایسی لڑکی کو دیکھا جو بہت ہی پریشان نظر آ رہی تھی۔ اس کے کپڑے جگہ جگہ سے پھٹے ہوئے اور بال الجھے ہوئے تھے جس وقت حضرت عبداللہ بن مبارکؒ اس کے پاس سے گزرے وہ ایک مری ہوئی مرغی اٹھا کر اپنے دامن میں چھپا رہی تھی۔ حضرت عبداللہ بن مبارکؒ نے یہ دیکھا تو فوراً گھوڑے کو روکا اور لڑکی سے سوال کیا۔ بیٹی تم نے مری ہوئی مرغی کیوں اٹھائی؟ کیا تمہیں یہ معلوم نہیں کہ جن جانوروں کو ذبح نہ کیا جائے وہ حلال نہیں ہوتے؟ پھر تم نے یہ مری ہوئی مرغی کیوں اٹھائی؟

یہ سن کر لڑکی کے آنکھوں میں آنسو آ گئے، اس نے کانپتی ہوئی آواز میں کہا۔ جناب خدا کے فضل سے میں مسلمان ہوں۔ یہ بات مجھے اچھی طرح معلوم ہے۔ لیکن میں اس وقت ایسی مجبور ہوں کہ یہ مری ہوئی مرغی اٹھانے

4 UR Term-3
Wednesday, July 31, 2019 7:52:58 PM

کے سوا اور کچھ نہیں کرسکتی۔ میرے باپ مر چکے ہیں اور ان کے بعد ایسا کوئی نہیں جو میری اور میرے چھوٹے بھائی کی مدد کرے۔ میں اور میرا بھائی کئی وقت کے فاقے سے ہیں اور وہ تو بھوک سے نڈھال ہوگیا ہے۔ اس وجہ سے میں نے مری ہوئی مرغی اٹھالی۔ شاید یہ بات آپ کو معلوم ہوگی کہ ایسی حالت میں یہ مرغی ہمارے لئے حلال ہے۔ لڑکی کی بات سن کر حضرت عبداللہ بن مبارکؒ کی آنکھوں میں آنسو آ گئے۔ آپ نے غلام سے کہا، تمہارے پاس جتنی اشرفیاں ہیں ان میں سے اتنی اپنے پاس رکھ لو جو گھر تک جانے کے لئے کافی ہوں۔ باقی ساری کی ساری اس لڑکی کو دے دو۔

خادم نے ایسا ہی کیا پھر حضرت عبداللہ بن مبارکؒ نے لڑکی سے فرمایا۔ بیٹی۔ یہ اشرفیاں لے جاؤ، اپنے اور اپنے بھائی کے لئے کھانے پینے کی چیزیں خرید لو۔ امید ہے کافی دنوں تک تمہیں کسی قسم کی تکلیف نہ ہوگی۔ لڑکی اشرفیاں لے کر خوشی خوشی اپنے گھر چلی گئی اور اس کے جانے کے بعد حضرت عبداللہؒ نے گھوڑے کا رخ اپنے گھر کی طرف پھیر دیا۔ خادم نے پوچھا۔ ہم حج کا ارادہ کر کے گھر سے روانہ ہوئے تھے۔ حضرت عبداللہؒ نے فرمایا۔ بے شک یہ بات ٹھیک ہے لیکن اس غریب لڑکی کی حالت سے واقف ہونے کے بعد اس کی مدد کرنا بھی ہم پر فرض ہوگیا تھا۔ لیکن خدا نہ کرے۔ یہ بچے بھوک سے مر جاتے تو پھر انہیں زندہ نہ کیا جا سکتا تھا۔ اور پھر دونوں گھر کی طرف روانہ ہوگئے۔ حضرت عبداللہ بن مبارکؒ ایسے خوش تھے گویا حج کے بغیر ہی اللہ پاک نے انہیں حج کا ثواب دے دیا ہو۔

مشق

I۔ معنی اور اشارے :

خادم	:	خدمت کرنے والا
آنسو	:	آنکھ میں پانی بھر آنا
ذبح	:	شرعی طور پر جانور کو حلال کرنا
نڈھال	:	ضعیف، ناتواں
کافی	:	ضرورت کے مطابق ہونا
اشرفیاں	:	سونے کے سکے
واقف	:	جان پہچان والا
رخ	:	سمت، جانب

4 UR Term-3
Wednesday, July 31, 2019 7:52:58 PM

II۔ خالی جگہ بھرتی کیجئے :

1۔ حضرت عبداللہ بن مبارکؒ .....کو جا رہے تھے۔

2۔ نیک انسان ہونے کے ساتھ ساتھ بہت .....بھی تھے۔

3۔ حضرت عبداللہ بن مبارکؒ کے ساتھ .....تھے۔

4۔ لڑکی بھوک سے .....ہوگئی۔

5۔ لڑکی .....لے کر خوشی خوشی اپنے گھر چلی گئی۔

III۔ آیئے الفاظ کی مشق کریں :

گھوڑے	بستی	پریشان	کپڑے	مشہور
حلال	آنسو	اشرفیاں	مجبور	نڈھال

IV۔ اضداد لکھئے:

1۔ مالدار × .....

2۔ پریشان × .....

3۔ مالک × .....

4۔ تکلیف × .....

5۔ خوشی × .....

V۔ نیچے دئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے :

1۔ حضرت عبداللہ بن مبارکؒ کون ہیں؟

2۔ حضرت عبداللہ بن مبارکؒ نے کہاں جانے کا ارادہ کیا؟

3۔ حضرت عبداللہ بن مبارکؒ نے کیا دیکھا؟

4۔ لڑکی نے حضرت عبداللہ بن مبارکؒ سے کیا کہا؟

5۔ حضرت عبداللہ بن مبارکؒ نے غلام سے کیا کہا؟

4 UR Term-3
Wednesday, July 31, 2019 7:52:59 PM

VI۔ الفاظ کو الگ کر کے لکھئے۔



1۔ آنسو – ....

2۔ کافی – ....

3۔ حلال – ....

4۔ مجبور – ....

5۔ مشہور – ....

VII۔ حروف کو جمع کر کے الفاظ بنائیے :

1۔ خ ا د م – .....

2۔ و ا ق ف – .....

3۔ ل ڑ ک ی – .....

4۔ غ ل ا م – .....

5۔ ب س ت ی – .....



VIII۔ سبق سے چن کر دئے گئے جدول میں الفاظ لکھئے۔

نمبر	تین حرفی	چار حرفی	پانچ حرفی
1۔	نیک	بزرگ	مجبور
2۔			
3۔			
4۔			
5۔			

4 UR Term-3
Wednesday, July 31, 2019 7:52:59 PM

IX۔ عملی کام :



1۔ کعبۃ اللہ کا نقشہ بنا کر چند جملے لکھئے۔

2۔ کسی ایک اخلاقی کہانی کی تصویروں کو چسپاں کر کے ان پر چند جملے لکھئے۔

X۔ آیئے لکھنے کی مشق کریں:



مشہور	پریشان	دامن	کپڑے	مرغی
مشہور	پریشان	دامن	کپڑے	مرغی

4 UR Term-3
Wednesday, July 31, 2019 7:52:59 PM

قواعد

حروف :

ہمارے منہ سے نکلی ہوئی ہر آواز کو ظاہر کرنے والے نشانات کو حروف کہتے ہیں۔

مثلاً ا ب پ سے ے تک

میں سے ہر ایک نشان ''حرف'' ہے۔

حروف تہجی :

ا ب پ ت ٹ ث ج چ ح خ

د ڈ ذ ر ڑ ز ژ س ش ص

ض ط ظ ع غ ف ق ک گ ل

م ن و ھ ء ی ے

لفظ :

دو یا دو سے زائد حروف کو خاص ترتیب سے لکھنے پر لفظ بنتا ہے۔

مثلاً قلم (ق+ل+م) علم (ع+ل+م) وغیرہ

حروف کے الفاظ کا چارٹ

سب	لڑکا	بارش	تلوار
بات	تارے	کہانی	کتاب
رات	بکرا	اونٹ	کاپی

4 UR Term-3
Wednesday, July 31, 2019 7:53:00 PM

دوست ہوتو ایسا ہو

ایک کچھوے اور خرگوش کی دوستی ہوگئی۔ دونوں ایک ساتھ کھیلتے، گھومتے پھرتے۔ ایک مرتبہ دونوں راستے میں جارہے تھے تو خرگوش تیز چلنے کی وجہ سے آگے نکل جاتا اور کچھوا، اپنے بھاری جسم کی وجہ سے پیچھے رہ جاتا جس پر خرگوش اس کا مذاق اڑاتا۔

آخر ایک دن کچھوے نے تنگ آکر خرگوش سے کہا۔ دیکھو مجھے بھی اللہ ہی نے پیدا کیا ہے اور تمہیں بھی اللہ ہی نے پیدا کیا ہے اس لئے تم اپنے تیز چلنے پر غرور مت کرو۔ اللہ غرور کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔ اگر تم کو اپنے تیز چلنے پر غرور ہے تو اب ہم دونوں مقابلہ کرتے ہیں۔ خرگوش بھی مقابلہ کے لئے تیار ہوگیا۔

مقابلہ شروع ہوتے ہی خرگوش تیزی سے آگے کی طرف بھاگا۔ کافی دور نکل جانے کے بعد اس نے سوچا کہ کچھوا، تو بہت دیر کے بعد یہاں پہنچے گا جب تک میں کچھ دیر آرام کرلوں۔ یہ سوچ کر وہ ایک درخت کے نیچے سو گیا۔

ادھر کچھوا آہستہ آہستہ چلتا ہوا خرگوش کے پاس سے گزرا، دیکھا تو وہ سو رہا تھا۔ کچھوا ساری بات سمجھ گیا۔ اس نے اپنی رفتار اور تیز کردی اور مقررہ جگہ پہنچ گیا۔ اب خرگوش اپنی نیند سے بیدار ہوا اور بھاگتا ہوا مقررہ جگہ تک پہنچا جہاں کچھوا پہلے سے موجود تھا۔


خرگوش نے کہا، اس بار تو دھوکا ہوا ہے، چلو دوبارہ دوڑ کا مقابلہ ہوجائے۔ دوسری بار کے مقابلے میں خرگوش کی جیت ہوئی۔ کچھوے نے کہا یہ ٹھیک نہیں ہوا کیونکہ ایک بات تو میں جیتا اور دوسری بار تم جیتے۔ یہ تو برابر کی جیت



4 UR Term-3
Wednesday, July 31, 2019 7:53:00 PM

ہوئی۔تو خرگوش نے کہا کہ چلو، ایک اور دوڑ کا مقابلہ ہو جائے۔اس بار کی دوڑ اس پہاڑی تک ہوگی۔وہاں پہلے جو پہنچے گا، اس کی جیت ہوگی۔

پھر دوڑ کا مقابلہ شروع ہوا۔خرگوش بہت تیزی سے دوڑتا چلا گیا، جب کہ کچھوا پیچھے ہی رہ گیا۔خرگوش پہاڑ کے قریب پہنچا تو دیکھا کہ درمیان میں ایک ندی واقع ہے۔وہ وہیں رک گیا۔کچھوا آگے بڑھ کر پانی میں تیرتا ہوا ندی کے دوسرے کنارے پر پہنچ گیا۔اور پھر کچھوا واپس خرگوش کے پاس آیا اور کہا کہ تم میرے دوست ہو۔ایسا کرو کہ تم میری پیٹھ پر سوار ہو جاؤ، میں تمہیں ندی کے اس پار پہنچا دوں گا تو دونوں نے ندی پار کرلیا۔اس طرح دونوں کے حوصلے دوڑ کے مقابلے میں ایک دوسرے سے کم نہیں تھے۔خرگوش کو بہت شرمندگی ہوئی اور اس نے غرور کرنے سے توبہ کرلی اور کچھوے سے معافی مانگی۔کچھوے نے بھی اسے معاف کر دیا۔



پیارے بچو۔ تم بھی کسی سے کم نہیں ہو،تمہارے اندر بھی اللہ نے کوئی نہ کوئی خوبی ضرور دی ہوگی۔اس کا صحیح استعمال کر کے تم دنیا اور آخرت میں اپنا نام روشن کرو۔

خرگوش کو بہت شرمندگی ہوئی اور اس نے غرور کرنے سے توبہ کرلی اور کچھوے سے معافی مانگی۔کچھوے نے بھی اس کو معاف کر دیا۔

دوستو۔ہمیں بھی کسی کا مذاق نہیں اڑانا چاہئے۔ ہر ایک کو ہم اپنے سے بہتر سمجھیں گے تو کبھی ہماری کسی سے لڑائی نہیں ہوگی اور جو کسی کو تنگ کرنے کے لئے مذاق اڑاتا ہے تو مرنے سے پہلے اللہ تعالیٰ اس کو بھی اس کمزوری میں مبتلا کر دیتے ہیں۔

4 UR Term-3
Wednesday, July 31, 2019 7:53:02 PM

I۔ معنی اوراشارے :

مذاق : ہنسی کرنا

غرور : گھمنڈ، اکڑ

رفتار : چال

بیدار : جاگنا

جیت : کامیابی۔فتح

حوصلہ : ہمت، دلیری

خوبی : عمدگی، خوب صورتی

II۔ ان الفاظ کی ضد لکھئے :

1۔ دوست × .....

2۔ جیت × .....

3۔ قریب × .....

4۔ شروع × .....

5۔ نیچے × .....

6۔ لڑائی × .....

III۔ خالی جگہ بھرتی کیجئے۔

1۔ ایک کچھوااورخرگوش کی ..... ہوگئی۔

2۔ کچھوااپنے بھاری .....کی وجہ سے ہمیشہ پیچھے رہ جاتا تھا۔

3۔ خرگوش نے کہا کہ اس بارتو ..... ہوا۔

4۔ خرگوش پہاڑی کے قریب پہنچا تو دیکھا کہ درمیان میں ایک .....واقع ہے۔

5۔ تم میری پیٹھ پر .....ہوجاؤ۔

4 UR Term-3
Wednesday, July 31, 2019 7:53:03 PM

IV۔ آیئے الفاظ کی مشق کریں :

دوست	کھیل	لڑائی	درمیان	مقابلہ
ندی	قریب	آرام	دھوکا	پہاڑ

V۔ ان سوالات کے جوابات لکھئے :

1۔ کچھوے کی کس سے دوستی ہوگئی ؟

2۔ خرگوش کس کا مذاق اڑاتا تھا ؟

3۔ کچھوا اور خرگوش کے درمیان کس طرح کا مقابلہ ہوا ؟

4۔ خرگوش کیا سوچ کر درخت کے نیچے سو گیا ؟

5۔ پہلے دوڑ کے مقابلے میں خرگوش کی جیت کیسے ہوئی ؟

6۔ دوسرے دوڑ کے مقابلہ میں کس کی جیت ہوئی ؟

7۔ خرگوش ندی کے اس پار کس طرح پہونچا ؟



VI۔ ان حروف کو ملا کر لکھئے :

1۔ آ + ر + ا + م = ...

2۔ د + ر + خ + ت = ...

3۔ ک + ھ + ے + ل = ...

4۔ پ + ھ + ا + ڑ = ...

5۔ ع + ا + د + ت = ...

4 UR Term-3
Wednesday, July 31, 2019 7:53:03 PM

VII۔ ان الفاظ کو الگ کر کے لکھئے۔

1۔ خرگوش : ....

2۔ کچھوا : ....

3۔ رفتار : ....

4۔ راستہ : ....

5۔ بیدار : ....

VIII۔ رنگ بھریئے:

خرگوش اور کچھوا



4 UR Term-3
Wednesday, July 31, 2019 7:53:05 PM

IX۔ عملی کام :



1۔ کچھوا اور خرگوش کی کہانی کو تصویروں کے ذریعے سمجھائیے۔

2۔ چالاک لومڑی کی کوئی ایک کہانی اپنے دوستوں میں سنائیے۔

3۔ آبی جانوروں کی تصویروں کو جمع کر کے ایک البم تیار کیجئے۔

X۔ آیئے لکھنے کی مشق کریں:



چالاک	لومڑی	خرگوش	شرمندگی	بہترین	جیتے

4 UR Term-3
Wednesday, July 31, 2019 7:53:05 PM



نظم

بجلی

آؤ کام کی بات بتائیں
بجلی کے حالات سنائیں

اس نے ہزاروں کام بنائے
کوئی کہاں تک ان کو گنائے

ایک ذرا سی کل سے وہ لے لو
سو گھوڑوں سے کام نہ ہو جو

سارے کام یہ کر دیتی ہے
دنیا بھر کی خبر دیتی ہے

ٹیلی فون میں بات اسی سے
ہوتی ہے دن رات اسی سے

ریل، ٹریم اور موٹر لاری
کھینچتی ہے یہ بھاری بھاری

گھر، کوچے، بازار اور دفتر
روشن ہیں اس سے سر تا سر

آہستہ سے بٹن دبایا
فوراً کمرہ روشن پایا

گرمی ہو یا سردی آئے
کام سے یہ کبھی نہ گھبرائے

گھر، جنگل، میدان، پہاڑی
جائے جہاں لے جاؤ بیچاری

ہے یہ بڑے ہی کام کی بجلی
ایک ہے اپنے نام کی بجلی

4 UR Term-3
Wednesday, July 31, 2019 7:53:07 PM

I۔ معنی اور اشارے :

بجلی : برق، کرنٹ

حالت : کیفیت

خبر : اطلاع، پیغام

دفتر : آفس

روشن : چمک دار

گھبرانا : پریشان ہونا

II۔ آیئے الفاظ کو بلند آواز سے پڑھیں اور مشق کریں:



بجلی	ہزاروں	گھوڑوں	دنیا	ٹیلی ویژن
ٹریم	بازار	فوراً	سردی	بے چاری

III۔ مناسب الفاظ چن کر خالی جگہ بھرتی کرو :

1۔ آؤ .....کی بات بتائیں (کام ، نام)

2۔ کوئی .....تک ان کو گنائے (جہاں ، کہاں)

3۔ دنیا بھر کی .....دیتی ہے (خبر ، قبر)

4۔ گھر، .....میدان، پہاڑ (جنگل ، منگل)

5۔ ہے یہ .....ہی کام کی بجلی (برے ، بڑے)

4 UR Term-3
Wednesday, July 31, 2019 7:53:07 PM

IV۔ سوالات کے جوابات لکھئے۔

1۔ بجلی سے کیا کیا کام بنائے جاتے ہیں؟

2۔ کیا بجلی سو گھوڑوں کے برابر کام کر سکتی ہے؟

3۔ بجلی کہاں کہاں استعمال ہوتی ہے؟

4۔ کیا بجلی کسی چیز سے گھبراتی ہے؟

5۔ بجلی کو کہاں لے جایا سکتا ہے؟

V۔ ذیل کی اشیاء کو کس نے ایجاد کیا۔



1۔ ٹیلی ویژن	–	مارکونی
2۔ ریڈیو	–	رائٹ برادرس
3۔ برقی بلب	–	جان بیرڈ
4۔ ٹیلی فون	–	تھامس آلوا ایڈیسن
5۔ ہوائی جہاز	–	گراہم بل

جواب :

1۔ .....

2۔ .....

3۔ .....

4۔ .....

5۔ .....

4 UR Term-3
Wednesday, July 31, 2019 7:53:11 PM

VI۔ نظم سے الفاظ چن کر جدول میں لکھئے۔

نمبر	دو حرفی	تین حرفی	چار حرفی
1۔	آؤ	بات	بجلی
2۔			
3۔			
4۔			
5۔			

VII۔ ان حروف کو ملا کر لکھئے :

1۔ ر + و + ش + ن = _____

2۔ د + ن + ے + ا = _____

3۔ ب + ج + ل + ی = _____

4۔ گ + ر + م + ی = _____

5۔ س + ر + د + ی = _____

VIII۔ الفاظ کو الگ کر کے لکھئے۔

1۔ بٹن = ... + ... + ...

2۔ دفتر = ... + ... + ... + ...

3۔ جنگل = ... + ... + ... + ...

4۔ میدان = ... + ... + ... + ... + ...

5۔ پہاڑی = ... + ... + ... + ... + ...

4 UR Term-3
Wednesday, July 31, 2019 7:53:11 PM



IX۔ عملی کام :

1۔ بجلی کس طرح تیار کی جاتی ہے، اس کے تعلق سے اپنے استاد کی مدد سے معلومات حاصل کریں۔

2۔ بجلی تیار کرنے کے کیا کیا طریقے ہیں۔ معلومات حاصل کیجئے۔

X۔ آیئے لکھنے کی مشق کریں:



بجلی	گھر	ٹیلی فون	بازار	روشن
بجلی	گھر	ٹیلی فون	بازار	روشن

4 UR Term-3
Wednesday, July 31, 2019 7:53:11 PM



شہد کی مکھی

ایک روز جمیل کے گھر کے سب لوگ باغ کی سیر کو نکلے، خوب گھومتے ہوئے، بہت سے پیڑ پودے دیکھے، پیڑوں پر رنگ برنگ کے پھول اپنی بہار دکھا رہے تھے۔ وہاں کئی جھولے بھی تھے۔ اتنے میں جمیل نے ایک درخت کی اونچی شاخ پر ایک نئی چیز دیکھی اس نے پکار کر بچوں سے کہا۔ یہاں آؤ، دیکھو یہ کیا ہے؟

بھائی جان نے بتایا۔ یہ شہد کی مکھیوں کا چھتہ ہے۔ شہد کی مکھیاں اسی میں رہتی ہیں۔ یہ مکھیاں پھولوں کا رس چوستی ہیں۔ اس سے شہد بناتی ہیں۔ شہد ہی ان کی غذا ہے۔ اسی غذا کو کھا کر یہ زندہ رہتی ہیں۔ شہد کی مکھیاں پھولوں کی تلاش میں بہت دور دور تک جاتی ہیں۔ بہت محنت کرتی ہیں۔ ایک قطرہ شہد بنانے کے لئے انہیں دو تین سو پھولوں تک جانا پڑتا ہے۔ وہ بڑی محنت سے شہد جمع کرتی ہیں۔ اس شہد سے وہ خود بھی فائدہ اٹھاتی ہیں اور وسروں کو بھی فائدہ پہنچاتی ہیں۔ چھتے میں چھوٹے چھوٹے خانے ہوتے ہیں جن میں وہ شہد جمع کرتی ہیں۔ چھتہ ان کا گھر بھی ہے۔ وہ اپنے گھر کو بڑا صاف رکھتی ہیں۔ آپس میں مل جل کر رہتی ہیں اور اپنا کام خود انجام دیتی ہیں۔ شکیل نے پوچھا۔ چھتے سے شہد کس طرح نکالا جاتا ہے۔

4 UR Term-3
Wednesday, July 31, 2019 7:53:12 PM

بھائی جان نے جواب دیا۔شہد نکالنے والے پہلے خاص تدبیر سے مکھیوں کو بھگاتے ہیں پھر چھتے سے شہد نچوڑ لیتے ہیں اور بوتلوں میں بھر کر بیچ دیتے ہیں۔اچھا یہ بتاؤ تم میں سے کس کس نے شہد کھایا۔سب بچے ایک ساتھ بول پڑے ہم نے۔ہم نے۔

بھائی جان نے کہا۔بتاؤ شہد کیسا ہوتا ہے؟

سب نے کہا میٹھا میٹھا، بہت اچھا، بہت مزے دار

بھائی جان نے بتایا۔شہد بہت فائدہ مند چیز ہے۔اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں بتایا ہے کہ شہد میں شفا ہے۔ شہد ایک لذیذ غذا بھی ہے۔پیارے نبی ﷺ کو شہد بہت پسند تھا۔

شہد کی مکھیاں تین قسم کی ہوتی ہیں۔رانی مکھی جو ایک ہی ہوتی ہے اور نر مکھیاں جو سو سے زیادہ ہوتی ہیں اور کام کرنے والی مکھیاں جو ہزاروں ہوتی ہیں۔یہ سب مل کر چھتہ کی حفاظت اور شہد جمع کرنے میں مدد کرتے ہیں۔رانی مکھی روزانہ پندرہ ہزار انڈے دیتی ہے جب کہ ایک سیزن میں پچیس لاکھ انڈے دیتی ہے۔

شہد کی ایک خاصیت یہ ہے کہ اگر شہد کی مکھی پورے قدرتی عمل سے شہد تیار کر لے تو پھر وہ ہزار سال بھی پڑا رہے تو نہ وہ خراب ہوتا ہے اور نہ ہی اس کے ذائقے میں ذرا برابر بھی فرق آتا ہے۔

شہد کی مکھیاں جو چھتے بناتی ہیں ان میں آٹھ قسم کے خانے ہوتے ہیں۔شہد کی مکھیاں بہت ہی منظّم طریقے سے ایک معاشرے کی طرح رہتی ہیں۔ایک چھوٹے سے چائے کے چمچ بھر شہد میں پانچ ہزار پھولوں کا رس شامل ہوتا ہے۔

جمیل نے دوسری چیزوں کو دکھایا اور ہم خوب کھیلے کودے۔

پھر ہم سب پورے باغ کی سیر کر کے خوشی خوشی گھر واپس چلے آ گئے۔



4 UR Term-3
Wednesday, July 31, 2019 7:53:13 PM

مشق

I۔ معنی اور اشارے :



خاصیت : خصلت، عادت

تلاش کرنا : ڈھونڈنا ،کھوج لگانا

شفا : صحت، تندرستی

تدبیر : منصوبہ، تجویز

لذیذ : ذائقہ دار، مزیدار

چھتّہ : شہد کی مکھیوں کا گھر

II۔ واحد کے جمع لکھئے۔

1۔ خبر + ...

2۔ قطرہ + ...

3۔ پھول + ...

4۔ چھتہ + ...

III۔ ان الفاظ کی ضد لکھئے :

1۔ فائدہ × .....

2۔ پھول × .....

3۔ شفا × .....

4۔ دور × .....

5۔ محنت × .....

4 UR Term-3
Wednesday, July 31, 2019 7:53:13 PM

IV۔ خالی جگہ بھرتی کیجئے:

1۔ شہد کی مکھیاں ..... کا رس چوستی ہیں.

2۔ شہد کی مکھیاں ..... کھا کر زندہ رہتی ہیں۔

3۔ چھتے میں چھوٹے چھوٹے ..... ہوتے ہیں۔

4۔ شہد کی مکھیاں ..... کی تلاش میں دور دور تک جاتی ہیں۔

5۔ پیارے نبی ﷺ کو ..... بہت پسند تھا۔

V۔ سوالات کے جوابات لکھئے :

1۔ جمیل نے باغ میں کونسی نئی چیز دیکھی؟

2۔ شہد کی مکھیاں کس چیز سے شہد تیار کرتی ہیں؟

3۔ ایک قطرہ شہد بنانے کے لئے مکھیوں کو کتنی محنت کرنی پڑتی ہے؟

4۔ چھتے سے شہد کس طرح نکالا جاتا ہے؟

5۔ اللہ کے نبی ﷺ نے شہد کے بارے میں کیا ارشاد فرمایا ہے؟

VI۔ جوڑ لگائیے:

1۔	رانی مکھی	–	سو سے زیادہ
2۔	نر مکھی	–	پندرہ ہزار انڈے
3۔	کام کرنے والی مکھیاں	–	چھوٹے چھوٹے خانے
4۔	چھتہ	–	پانچ ہزار پھولوں کا رس
5۔	ایک چمچ شہد	–	ہزاروں

4 UR Term-3
Wednesday, July 31, 2019 7:53:14 PM

VII۔ لفظوں کا کھیل :

1۔ ..... (ش سے شروع د میں ختم)

2۔ ..... (د سے شروع ا میں ختم)

3۔ ..... (ش سے شروع ا میں ختم)

4۔ ..... (س سے شروع د میں ختم)

5۔ ..... (غ سے شروع ا میں ختم)

6۔ ..... (ب سے شروع غ میں ختم)

اشارے : (سیر ، باغ، دوا، شہد، غذا، شفا)

تصویر میں رنگ بھریئے :



4 UR Term-3
Wednesday, July 31, 2019 7:53:14 PM

تخلیقی صلاحیت



VIII۔ تصویر کو دیکھ کر بے ترتیب حروف کو جوڑ کر صحیح لفظ لکھئے۔



1۔ غ ب ا .....



2۔ ا ت ر ے .....



3۔ ت ک ب ا .....



4۔ ن ا ر ی .....



5۔ ر م ش .....

4 UR Term-3
Wednesday, July 31, 2019 7:53:14 PM

IX۔ آیئے الفاظ لکھنے کی مشق کریں۔



شہد	باغ	رنگ	مکھی	قطرہ	فائدہ
شہد	باغ	رنگ	مکھی	قطرہ	فائدہ

4 UR Term-3
Wednesday, July 31, 2019 7:53:14 PM

قواعد

اسم : (Noun)

وہ لفظ جو کسی شخص، جگہ یا چیز کا نام ہو، اسے اسم کہتے ہیں۔ جیسے اسلم، دہلی، قلم وغیرہ۔

اسم کی دو قسمیں ہیں

(1) اسم عام (2) اسم خاص

اسم عام
(Common Noun)

وہ اسم جو کسی عام شخص، جگہ یا چیز کا نام ہو، اسے اسم عام کہتے ہیں

جیسے آدمی، میدان، ٹوپی وغیرہ

اسم خاص
(Proper Noun)

وہ اسم جو کسی خاص شخص، جگہ یا چیز کا نام ہو۔ اسے اسم خاص کہتے ہیں۔

جیسے عدنان، جامع مسجد دہلی، بادام کا حلوہ وغیرہ۔

4 UR Term-3
Wednesday, July 31, 2019 7:53:15 PM

مشق

تصویر کو غور سے دیکھئے اور ان میں اسم عام اور اسم خاص کے ناموں کو الگ کر کے لکھئے :















اسم عام	اسم خاص
1	1 .....
2	2 .....
3	3 .....
4	4 .....
5	5 .....
6	6 .....

4 UR Term-3
Wednesday, July 31, 2019 7:53:15 PM


معنی کے لحاظ سے اسم کی دو قسمیں ہیں.

اسم عام (Common Noun)　　اسم خاص (Proper Noun)

دئے گئے اسماء میں اسم عام کو ہرا رنگ، اور اسم خاص کو سرخ رنگ سے بھریئے۔



4 UR Term-3
Wednesday, July 31, 2019 7:53:16 PM



ہر میدان میں آگے بڑھو تم

ساحر داؤدنگری

چھک چھک کرتی ریل چلی ہے
الکا باہر کھیل رہی ہے
دادی پکارے آؤ بیٹی
الکا لیکن کیسے سنتی
اس کی پسند کا کھیل جو لائے
اس کے پاپا ریل جو لائے
چھک چھک کرتی ریل چلی ہے
الکا باہر کھیل رہی ہے
دادی نے تھی یاد کرائی
سب کی دلبر سب کی جانی
کھیل میں الکا دیکھو بچو
بھول گئی ہے پچھلی کہانی
کھیل میں زیادہ جی نہ لگاؤ
اپنا سبق جو بھولتے جاؤ
کھیلو، کودو اور پڑھو تم
ہر میدان میں آگے بڑھو تم

4 UR Term-3
Wednesday, July 31, 2019 7:53:18 PM

مشق

I۔ معنی اور اشارے :

پسند : حسبِ خواہش

دلبر : پیارا، محبوب

پچھلی : آخری

بھول : چوک، غلطی

میدان : صاف اور وسیع، سطح زمین



II۔ آیئے الفاظ کو بلند آواز سے پڑھیں اور مشق کریں :

کھیل	باہر	بیٹی	سنتی	ریل
دادی	بچوں	کہانی	زیادہ	سبق

III۔ ان الفاظ کی ضد لکھئے۔

1۔ باہر ..... ×

2۔ پسند ..... ×

3۔ بیٹی ..... ×

4۔ دادی ..... ×

5۔ زیادہ ..... ×

4 UR Term-3
Wednesday, July 31, 2019 7:53:18 PM

IV ۔ مناسب الفاظ چن کر خالی جگہ بھرتی کیجئے :

(میدان ، پسند ، ریل ، دادی ، کھیل)

1۔ چھک چھک کرتی .....چلی ہے۔

2۔ .....پکارے آؤ بیٹی۔

3۔ اس کی ..... کا کھیل جولائے۔

4۔ .....میں زیادہ جی نہ لگاؤ

5۔ ہر .....میں آگے بڑھو تم

V ۔ سوالات کے جوابات لکھئے :

1۔ ریل کیسے چلتی ہے؟

2۔ باہر کون کھیل رہی ہے؟

3۔ الکا کے پاپا کیا کھلونا لائے؟

4۔ کس میں زیادہ جی نہیں لگانا چاہئے ؟

5۔ ہر میدان میں ہم کو کیا کرنا چاہئے ؟



VI ۔ الفاظ کو الگ کر کے لکھئے ۔

کھیل ....

سبق ....

دلبر ....

پڑھو ....

میدان ....

4 UR Term-3
Wednesday, July 31, 2019 7:53:19 PM

VII۔ آواز کو پہچان کر اشیاء کے نام لکھئے :




1۔ چھک چھک .....



2۔ ٹرنگ ٹرنگ .....



3۔ ڈھب ڈھب .....



4۔ ٹک ٹک .....



5۔ پوام پوام .....

....

4 UR Term-3
Wednesday, July 31, 2019 7:53:20 PM

VIII۔ ان حروف کو ملا کر لکھئے :

1۔ ک + ھ + ے + ل = ...

2۔ پ + س + ن + ڈ = ...

3۔ ب + ے + ٹ + ی = ...

4۔ د + ل + ب + ر = ...

5۔ ب + ھ + و + ل = ...

IX۔ نظم سے الفاظ چن کر جدول میں لکھئے :



نمبر	دو حرفی	تین حرفی	چار حرفی
1۔	آؤ	چھک	الکا
2۔			
3۔			
4۔			
5۔			

X۔ عملی کام :



1 ریل گاڑی کا ایک چھوٹا ماڈل بنائیے۔

2 رنگین کاغذوں کے استعمال سے ریل گاڑی بنا کر اپنے چارٹ یا نوٹ بک پر چسپاں کیجئے۔

4 UR Term-3
Wednesday, July 31, 2019 7:53:20 PM

XI۔ آیئے لکھنے کی مشق کریں۔




ریل	کھیل	بھول	پسند	میدان
ریل	کھیل	بھول	پسند	میدان

4 UR Term-3
Wednesday, July 31, 2019 7:53:20 PM

سورج کیا ہے؟

اندھیری رات میں دور جب آسمان میں بادل نہ ہوں تو آپ کو آسمان میں ننھے ننھے ستارے ٹمٹماتے ہوئے نظر آئیں گے۔ اگر آپ ان ستاروں کو اپنی دوربین کے ذریعہ دیکھیں تو تمام ستارے گول کھائی دیں گے۔ یہ ننھے ننھے اور ٹمٹماتے ہوئے اس لئے دکھائی دیتے ہیں کیونکہ وہ ہماری زمین سے بہت ہی دور ہیں۔

سورج بھی ایک ستارہ ہے جو زمین سے نزدیک ہے جو دن کو روشن کرتا ہے۔ دن میں بھی تمام ستارے آسمان میں موجود ہوتے ہیں، وہ سورج کی تیز چمک کے سامنے ماند پڑ جاتے ہیں۔



سورج روزانہ مشرق سے نکلتا اور مغرب میں ڈوبتا ہے۔ اللہ نے اس کے لئے ایک راستہ بتا دیا ہے وہ اسی پر چلتا ہے۔ گرمی کے دنوں میں ہمارے سروں پر سے گزرتا ہے۔ برسات میں اکثر بادلوں سے کھیل کرتا ہے کبھی چھپتا ہے، کبھی باہر نکل آتا ہے۔ سورج ہمارے بڑے کام کا ہے۔ ہم کو روشنی پہنچاتا ہے، گرمی پہنچاتا ہے اسی کی روشنی سے پھولوں اور پھلوں میں خوشبو دار رنگت آتی ہے۔ اس کی گرمی کھیتوں میں اناج اور باغوں میں پھل پکاتی ہے۔

4 UR Term-3
Wednesday, July 31, 2019 7:53:21 PM

سورج سے ہمیں سمتیں بھی معلوم ہوتی ہیں ۔سورج ہر روز مشرق سے نکلتا ہے اور مغرب میں ڈوبتا ہے ۔ ہمارے لئے سمت ہمیں معلوم کرنے کا آسان طریقہ یہ ہے کہ صبح سورج نکلتے وقت اس کی طرف منہ کر کے کھڑے ہو جاؤ۔اب تمہارے سامنے مشرق پیٹھ کی طرف مغرب دائیں ہاتھ کی طرف جنوب اور بائیں ہاتھ کی طرف شمال ہوگا۔ اس سے ہمیں نمازوں کے اوقات بھی معلوم ہوتے ہیں۔

سورج دہکتی ہوئی آگ کا ایک بہت بڑا گولہ ہے اور ہماری زمین سے بہت دور ہے۔ یہ بھی اللہ کی بہت بڑی مہربانی ہے کہ اس سورج کو ہم سے اتنی دور رکھا، ورنہ اگر کچھ قریب ہوتا تو سخت گرمی کی وجہ سے زمین پر جینا دشوار ہو جاتا۔آج کل سورج کے بارے میں اور مزید معلومات اور دریافتوں کا سلسلہ خلائی گاڑیوں کے ذریعہ ہو رہا ہے۔ سورج کے بارے میں ایک خاص دوربین (شمسی دوربین) کے ذریعہ تمام نئی معلومات حاصل ہو رہی ہیں۔

سورج کی روشنی سے شمسی توانائی تیار کی جاتی ہے۔شمسی توانائی سے برقی توانائی تیار کی جاتی ہے جس سے لائٹ، پنکھے، اور بہت سی چیزیں کام کرتی ہیں۔ ان کے علاوہ شمسی چولھے ہیں جو پکوان کے کام آتے ہیں۔ان کے ذریعہ دوسرے ایندھن گیس وغیرہ کی بچت ہوسکتی ہے۔

مشق

I۔ معنی اور اشارے :

سمت	:	رخ
چمک	:	روشنی
اکثر	:	بہت زیادہ
رنگت	:	رنگ، روپ
دشوار	:	مشکل۔سخت
شمسی	:	سورج سے متعلق
بادل	:	ابر۔گھٹا

4 UR Term-3
Wednesday, July 31, 2019 7:53:23 PM

II۔ واحد کی جمع لکھئے:

1۔ سمت + ...

2۔ ستارہ + ...

3۔ چولھا + ...

4۔ وقت + ...

5۔ باغ + ...

III۔ ان الفاظ کی ضد لکھئے :

1۔ مشرق × .....

2۔ گرمی × .....

3۔ سورج × .....

4۔ روشنی × .....

5۔ خاص × .....

IV۔ خالی جگہ بھرتی کیجئے۔

1۔ ستاروں کو ..... کے ذریعے دیکھ سکتے ہیں

2۔ سورج کی تیز چمک سے ..... ماند ہو جاتے ہیں۔

3۔ سورج .....سمت میں ڈوبتا ہے۔

4۔ سورج .....سے بہت دور ہے۔

5۔ شمسی توانائی سے .....توانائی تیار کی جاتی ہے۔



V۔ آیئے بلند آواز سے پڑھیں:

ٹمٹماتے ہوئے	ننھے	سورج	مشرق	مغرب
گاڑیوں	استعمال	چولھے	دہکتی	دریافت

4 UR Term-3
Wednesday, July 31, 2019 7:53:23 PM

VI۔ ان سوالات کے جوابات لکھئے :

1۔ زمین کے نزدیک کونسا ستارہ ہے؟

2۔ سورج کس رخ سے طلوع ہوتا ہے؟

3۔ سورج کیا ہے؟

4۔ شمسی توانائی سے کیا کیا کام لئے جاسکتے ہیں؟

5۔ شمسی دوربین کیا ہے؟



VII۔ تصویر کی مدد سے حروف کو ترتیب دیجئے۔



1۔ ج + و + س + ر =




2۔ ن + ز + م + ے =



3۔ ا + ب + ل + د =



4۔ گ + ر + ی + م =



5۔ ب + س + ر + ا + ت =

4 UR Term-3
Wednesday, July 31, 2019 7:53:24 PM

VIII۔ سبق سے چن کر الفاظ لکھئے:



نمبر	تین حرفی	چار حرفی	پانچ حرفی
1۔	رات	بادل	آسمان
2۔			
3۔			
4۔			
5۔			

IX۔ الفاظ بنائیے۔


1۔ .....

2۔ .....

3۔ .....

4۔ .....

5۔ .....



4 UR Term-3
Wednesday, July 31, 2019 7:53:24 PM

X۔ دیے گئے الفاظ میں صحیح لفظ پر نشان لگائیے


1	شہر	☐	شھر	☐
2	ظمین	☐	زمین	☐
3	ہات	☐	ہاتھ	☐
4	منہ	☐	موں	☐
5	کہیت	☐	کھیت	☐

XI۔ عملی کام :



1۔ شمسی توانائی سے کس طرح برقی توانائی حاصل کی جاتی ہے؟

2۔ نظامِ شمسی کیا ہے؟ چارٹ اور تصاویر جمع کیجئے۔



4 UR Term-3
Wednesday, July 31, 2019 7:53:25 PM

XII۔ آیئے لکھنے کی مشق کریں :



شہر	دشوار	اندھیری	روشنی	پھول	خلائی
شہر	دشوار	اندھیری	روشنی	پھول	خلائی

4 UR Term-3
Wednesday, July 31, 2019 7:53:25 PM

صلاحیتیں	صلاحیتوں کی جانچ	اسباق

1۔ سُننا

- طالب علم، استاد کی زبان سے ادا کئے گئے الفاظ کے مختلف آوازوں کو سنے اور انہیں غور سے ادا کرنا
- دُعا کے الفاظ کو غور سے سننا
- نظم بجلی کو غور سے سننا اور نئے الفاظ کو سن کر ترنم سے پڑھنا
- استاد سے سورج اور نظام شمسی سے متعلق مزید معلومات حاصل کرنا اور اسے سننا

مناجات، نظم اور نثر

2۔ بولنا

- استاد سے کہے گئے الفاظ کو سن کر دوہرانا
- ہمارے اطراف ہونے والے واقعات کو سنانا
- دو طلباء کے درمیان آپس میں بات چیت
- شہد کی مکھی سے متعلق ایک منٹ کی تقریر کرنا
- شہد اور اس کے فائدوں سے متعلق اپنے دوستوں کے ساتھ تبادلہ خیال کرنا

مناجات، نظم اور نثر

3۔ پڑھنا

- حروف کی ادائیگی اچھی طرح سے ادا کرتے ہوئے اسباق کو پڑھنا
- کتاب کے علاوہ مدرسہ کے کتب خانہ میں موجود کہانی کی کتابوں کو پڑھنا
- پڑھ لکھ کر ہر میدان میں آگے بڑھنا ۔ دنیا و آخرت کی کامیابی حاصل کرنا۔

تمام اسباق میں

4۔ لکھنا

- نظم، نثر اور کہانیوں میں موجود مشکل الفاظ کو لکھنا۔
- تمام مشقوں کو اچھی طرح سمجھ کر انہیں لکھنا۔
- املاء نویسی کی مشق سے مشکل الفاظ کو لکھنا۔
- تحریر کو سدھارنے کی کوشش کرنا۔ خوش خط لکھنا۔

نظم و نثر

4 UR Term-3
Wednesday, July 31, 2019 7:53:25 PM

صلاحیتوں کی جانچ

صلاحیتیں	اسباق

5۔ گرامر

تمام اسباق میں

- بول چال کی زبان میں درست تلفظ کے علاوہ مذکر و مونث کا لحاظ رکھنا
- اسم خاص اور اسم عام کے فرق کو سمجھنا۔ اپنے اطراف موجود اشیاء کو اسم خاص اور اسم عام میں الگ کرنا

6۔ سیکھنا

- اخبار اور دیگر مجلّوں کو پڑھنا اور نئے الفاظ کو معلوم کرنا
- معلوم شدہ نئے الفاظ کو اپنی کاپی میں لکھ کر معنی، اضداد، واحد جمع، مذکر مونث وغیرہ معلوم کرنا

7۔ تخلیقی صلاحیت

تمام اسباق میں

- تخلیقی صلاحیت، (تحریری صلاحیت) کسی موضوع پر لکھنے کی کوشش کرنا۔
- شہد کے فائدے سے متعلق کچھ باتیں 5 سطروں میں لکھئے۔

8۔ اخلاقیات

تمام اسباق میں

- اسباق میں جو بھی اچھی باتیں بتائی گئی ہیں، اُن پر عمل کرنا۔
- جو بھی بری بات سے روکا گیا ہے، اس سے رُک جانا۔
- اپنے استاد، والدین، دوستوں، پڑوسیوں کے ساتھ عزت سے پیش آنا۔
- وطن سے محبت، اتحاد اور بھائی چارگی کو فروغ دینا۔ سب کے ساتھ اچھی طرح سے پیش آنا۔

4 UR Term-3
Wednesday, July 31, 2019 7:53:26 PM

URDU READER - CLASS 4
List of Authors and Reviewer

Executive
Dr. Pon. Kumar,
Joint Director, (Syllabus)
SCERT,
Chennai.

Reviewer :
H. Abrarul Haq
B.T. Asst.
Islamiah Boys' HSS,
Vaniyambadi-635751, Vellore District

Authors :
Mohamed Jaweed Akram,
B.T. Asst.
Islamiah Boys' HSS,
Vaniyambadi-635751, Vellore District

Fuzail Ahmed .S
S.G. Asst., Islamiah Aided Primary School, Vaniyambadi, V ellore District..

H. Althaf Ahmed
S.G.Asst. Madrasa-e-Mufeed-e-Aam Aided Primary School, Vaniyambadi Vellore District.

Fahmeeda Tabassum .V
B.T. Asst. MMG Middle School, Khaderpet, Vaniyambadi, Vellore District.

Co-Ordination
A. Palanivel Raj,
Assst. Professor,
SCERT, Chennai.

This book has been printed on 80 G.S.M. Elegant Maplitho paper.
Printed by offset at:

Co-ordination
Ramesh Munisamy

Urdu Typing , Layout
Mohamed Nusrath Sayeed
TAJ Printers, Vaniyambadi.

4 UR Term-3
Wednesday, July 31, 2019 7:53:26 PM